★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض — لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | منگل 7 صفر المظفر 1445ھ 13 اگست 2024ء 29 ساون 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 303

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

نوجوانوں کی توانائی اور صلاحیتیں ملک کی ترقی کیلئے بے حد اہم ہیں، نواز شریم

یوتھ کی تعلیم و تربیت اور کردار سازی پر توجہ فرض ہے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت نوجوانوں کو اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کے مواقع دے رہی ہے

مسلم لیگ (ن) نوجوانوں کو پھر لیپ ٹاپ سکیم دے رہی ہے، جلد نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے وظائف دیئے جائیں گے، انشاءاللہ کبھی نوجوان کی تعلیم میں فیس کی کمی آڑے نہیں آئے گی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ نوجوان قوم کا سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں، یوتھ کی تعلیم و تربیت اور کردار سازی پر توجہ فرض ہے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت نوجوانوں کو اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کے مواقع دے رہی ہے۔ نوجوانوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں مریم نواز کا کہنا تھا کہ نوجوان قوم کا سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں، یوتھ کی تعلیم و تربیت اور کردار سازی پر توجہ فرض ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نوجوانوں کو اپنے خوابوں کو حقیقت میں

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 1



نوجوان روشن مستقبل کے لئے اعلیٰ تعلیم حاصل کریں، یوسف رضا گیلانی

ہم ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر مٹی مفاد کو ٹوٹ ناظر رکھیں اور ملک کی ترقی اور خوشحالی پر اپنی توجہ مرکوز کریں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کسی بھی ملک کا قیمتی اثاثہ ہوتی ہے، نوجوان ملک و قوم کی روشن مستقبل کے لیے اپنی صلاحیتوں اور اعلیٰ تعلیم سے خود کو راسخ کریں، ہم ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی اور خوشحالی پر اپنی توجہ مرکوز کریں

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 2

امیر مقام کا پاکستانی کوہ پیما مراد سدپارہ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

مراد سدپارہ کو ہر پہاڑی کے لیے ان کی لگن اور عزم کے لیے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان و سفیر اف انچیئنز امیر مقام نے پاکستانی کوہ پیما مراد سدپارہ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو اپنے تعزیتی بیان میں وفاقی وزیر نے لواحقین کے ساتھ

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 3

بعض سرکاری افسران کی تنخواہ میں اضافے کے بعد انکم ٹیکس سے تنخواہ کم ہونے کا انکشاف

تنخواہ میں ماہانہ 43240 روپے اضافہ ہوا مگر نئی شرح سے انکم ٹیکس کٹوتی کی وجہ سے تنخواہ 272 روپے کم ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) نے مالی سال کے بجٹ میں بعض سرکاری افسران کی تنخواہ میں اضافے کے باوجود انکم ٹیکس کی کٹوتی کے بعد تنخواہ میں کمی کا انکشاف ہوا ہے۔ رواں مالی سال کے بجٹ میں اعلیٰ سرکاری افسران کی تنخواہوں میں 20 فیصد اضافے کے باوجود انکم ٹیکس کی کٹوتی کے بعد بعض افسران کی تنخواہوں میں کمی کا انکشاف ہوا ہے۔ گریڈ 20 کے ایک افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ تنخواہ میں ماہانہ 43240 روپے اضافہ ہوا مگر نئی شرح سے انکم ٹیکس کی وجہ سے تنخواہ 272 روپے کم ہو گئی۔ افسر نے بتایا کہ تنخواہوں میں 20 کے انکشاف ہوا ہے۔

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 4

جنرل (ر) فیض حمید کو فوجی تحویل میں لے لیا گیا

کورٹ مارشل کی کارروائی شروع

سپریم کورٹ کے حکم پر لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کیخلاف ٹاپ سٹی کی کورٹ آف انکوائری شروع کی گئی، مکمل تحقیقات کی روشنی میں لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کیخلاف مناسب کارروائی کا آغاز کیا گیا

لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کیخلاف ٹاپ سٹی میں شکایات موصول ہوئی تھیں، ریٹائرمنٹ کے بعد بھی لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید پاکستان آرمی ایکٹ کی خلاف ورزی کے مرتکب قرار پائے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سابق ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ فیض حمید کو فوجی تحویل میں لے لیا گیا۔ پاک فوج کے ضابطہ اخلاق ماہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سابق ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ فیض حمید کے خلاف سپریم کورٹ کے حکم پر ٹاپ سٹی کی کورٹ آف انکوائری شروع کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کی روشنی میں لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف پاکستان آرمی ایکٹ کے تحت تادیبی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 8

9 مئی کے پیچھے عمران خان کے 70 جلسے، 2 لانگ مارچ اور زہریلی تقریر تھی، عظمیٰ بخاری

کیا حسان نیازی عمران خان کا بھانجا نہیں، یا سمین راشد یا اعجاز چوہدری بیٹے کو نہیں بتا رہے تھے حملہ کرنا ہے، بانی پی ٹی آئی کیسے مکرے گا

جوڈیشل کمیشن کی ضرورت نہیں، جو 9 مئی کو ہوا سب کو یاد اور کیمرے میں محفوظ ہے، وزیر اطلاعات پنجاب کی ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس

معاشرے میں عدم برداشت کے رویے کا ماتم ہے، خواتین کے حقوق کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، ہزاروں خواتین کی ورچوئل پولیس اسٹیشنز میں دادرسی ہوئی ہے

خواتین کو انصاف کی فراہمی کے لئے ہر ایک کیس کو مثال بنائیں گے، قلم کو حق سچ کیلئے استعمال کرنے والے صحافی کا احترام کرتے ہیں، عظمیٰ بخاری

لاہور (صمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ 9 مئی واقعے کے پیچھے پی ٹی آئی عمران خان کے 70 جلسے، 2 لانگ مارچ اور زہریلی تقریریں تھیں، جوڈیشل کمیشن کی ضرورت نہیں، جو 9 مئی کو ہوا سب کو یاد اور کیمرے میں محفوظ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا

وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ معاشرے میں عدم برداشت کے رویے کا ماتم ہے، خواتین کے حقوق کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، ہزاروں خواتین کی ورچوئل پولیس اسٹیشنز میں دادرسی ہوئی ہے، ورچوئل پولیس اسٹیشن میں خواتین کی خواتین سے رابطہ کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کی خواتین کے لئے زیرو ٹالرنس ہے، خواتین کے حقوق کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، ہزاروں خواتین کی ورچوئل پولیس اسٹیشنز میں دادرسی ہوئی ہے، ورچوئل پولیس اسٹیشن میں خواتین کی خواتین سے رابطہ کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کی خواتین کے لئے زیرو ٹالرنس ہے، خواتین کے حقوق کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، ہزاروں خواتین کی ورچوئل پولیس اسٹیشنز میں دادرسی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 9



اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے سٹیٹ بینک گورنر ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف انٹرنیشنل یوتھ ڈے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کے ٹو پر زخمی ہونے والے پاکستانی کوہ پیما مراد سدپارہ جاں بحق

ایپاان کلب کے نائب صدر ایاز شگری نے ان کی موت کی تصدیق کر دی

سکردو (این این آئی) بریڈ پیک کی مہم جوئی کے دوران کے ٹو پر زخمی ہونے والے پاکستانی کوہ پیما مراد سدپارہ جاں بحق ہو گئے، ایپاان کلب کے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 7

سپریم کورٹ کا (ن) لیگی ایم این ایز کی بحالی کا فیصلہ درست نہیں، بیرسٹر گوہر

دوبارہ گنتی سے متعلق فیصلے کے خلاف نظرثانی درخواست دائر کرنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے دوبارہ

باقی صفحہ 13 جدید نمبر 13

اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اسلامی معاشرے کی پہچان ہے، چوہدری برجس طاہر

آئین پاکستان اقلیتی برادریوں کے حقوق اور تحفظ کی ضمانت دیتا ہے

واشنگٹن (این این آئی) وزیر اقلیتی امور چوہدری برجس طاہر نے کہا ہے کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اسلامی معاشرے کی پہچان ہے، بانی پاکستان

باقی صفحہ 12 جدید نمبر 12

منٹینٹ چوروں کا ٹولہ صرف ٹک ٹاک اور گانے بنا رہا ہے، بیرسٹر گوہر

ایک لاکھ محقق خاندانوں کو شمسی بجلی فراہم کر رہے ہیں

پشاور (این این آئی) شیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ پنجاب اور وفاق میں مینٹیننٹ چوروں کا ٹولہ صرف ٹک ٹاک اور گانے بنا رہا ہے۔ اپنے ایک بیان

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 10

کبھی نہیں سوچا تھا کہ گیٹ نمبر 4 والے مجھے اٹھا کر لے جائیں گے، شیخ رشید

اگست اور تبصرے کے لیئے بہت بھاری ہوں گے 20 تحریک لبیک گریٹ کی حکومت آسکتی ہے

راولپنڈی (این این آئی) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید نے کہا ہے کہ اگست اور ستمبر

باقی صفحہ 11 جدید نمبر 11

لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم، قومی اسمبلی کے 3 حلقوں پر ایک امیدوار کامیاب قرار

پنجاب جمنل پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی، بینچ میں جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس عقیل احمد عباسی شامل تھے

مسلم لیگ ن کے عبدالرحمن کانجو، اعظم نیتو قوم مہر اور ذوالفقار احمد نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قومی اسمبلی کے 3 حلقوں میں دوٹوں کی دوبارہ گنتی کے

باقی صفحہ 14 جدید نمبر 14

بلوچستان میں بہت زیادہ پوٹینشل موجود، ازجی ایکسپورٹر بن سکتا ہے، ورلڈ بینک

وسائل مؤثر استعمال کیے جائیں تو صوبہ اضافی توانائی برآمدی صوبوں جتنی کہ دوسرے ممالک کو بجلی برآمد کرسکتا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) ورلڈ بینک کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں قابل تجدید توانائی کے بہت زیادہ پوٹینشل موجود ہے جو صوبے کو توانائی کے ایک بڑے برآمد کنندہ صوبے میں تبدیل کرسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق صوبہ بلوچستان پر وفاقی اور صوبائی حکومت سے پاکستان کی توانائی درآمد کرنے کی ضرورت کو بہت

باقی صفحہ 29 جدید نمبر 29



اسلام آباد، مشیر وزیر اعظم برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

پاکستان کا یوم آزادی، امریکی ریاستی سینیٹ میں قرارداد منظور

قرارداد میں کیلی فورنیا میں پاکستانی کمیونٹی کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے سراہا گیا

کیلی فورنیا (این این آئی) پاکستان کے یوم آزادی کی مناسبت سے امریکی ریاست کیلی فورنیا کے حوالے سے امریکا میں بھی سرگرمیاں دیکھنے میں آرہی ہیں، اس سلسلے میں ریاستی سینیٹ میں

باقی صفحہ 15 جدید نمبر 15

سوشل میڈیا پیکیوٹ نعیم احمد یاسین کی بازیابی کیلئے درخواست پر جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سوشل میڈیا ایکیوٹ نعیم احمد یاسین کی بازیابی کے لیے درخواست پر وفاقی اور صوبائی حکومت سے 16 اگست تک جواب طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شکیل احمد نعوی کی بیوی عرش بہرام کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔ درخواست

باقی صفحہ 16 جدید نمبر 16

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کا ہسٹری میوزیم مریم نواز سے منسوب

لاہور (این این آئی) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کا ہسٹری میوزیم وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے منسوب کردیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق یونیورسٹی کی وائس چانسلر ڈاکٹر شگفتہ ناز کا اپنے بیان میں کہنا تھا کہ مریم نواز ہماری یونیورسٹی کی ممتاز الولد سٹوڈنٹ ہیں، سیاست میں مریم نواز نے ایک

باقی صفحہ 18 جدید نمبر 18

پاکستانی بھکاریوں سے پریشان سعودی عرب کی شکایت پر ایف آئی اے کی پھرتیاں

گزشتہ چند مہینوں میں متعدد مسافروں کو پروازوں سے آف لوڈ کیا، ایف آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) بھیک مانگنے میں ملوث پاکستانیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر مشرق وسطیٰ کی ریاستوں میں بے اطمینانی نے پاکستانی حکام کو روائی کرنے پر مجبور کر دیا۔ مشرق وسطیٰ خصوصاً سعودی عرب جانے والے مسافروں کی

باقی صفحہ 28 جدید نمبر 28

پیکیج قومی اسمبلی کا معروف کوہ پیما محمد مراد سدپارہ کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

اسلام آباد (آج این این آئی) پیکیج قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے معروف کوہ پیما محمد مراد سدپارہ کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ محمد مراد سدپارہ نے اپنے کیریئر کے دوران کے ٹو سمیت متعدد بلند ترین چوٹیاں سر کیں۔ پیکیج نے محمد

باقی صفحہ 27 جدید نمبر 27

صدر مملکت آصف علی زرداری کا یوم آزادی کے موقع پر قیدیوں کی سزاؤں میں خصوصی چھوٹ کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم آزادی کے موقع پر قیدیوں کی سزاؤں میں 90 روزکی چھوٹ دینے کا اعلان کیا ہے۔ یہ کوائین صدر کے پریس ونگ سے جاری

باقی صفحہ 26 جدید نمبر 26



اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

محسن نقوی سے جمعیت علمائے پاکستان کے سیکریٹری جنرل اویس نورانی کی ملاقات

ملاقات میں ملک کی مجموعی صورتحال اور بین الممالک اتحاد و اتفاق پر بھی بات چیت کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی سے جمعیت علمائے پاکستان کے سیکریٹری جنرل اویس نورانی نے ملاقات کی ہے، جس میں باہمی

باقی صفحہ 25 جدید نمبر 25

نوجوان پاکستان کی تقدیر بدلنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں، محسن نقوی

اولمپکس میں غیر معمولی کارکردگی دکھانے کرنے والے نوجوانوں کو نیا جوش اور جذبہ دیا ہے، نوجوان پاکستان کی سب سے بڑی قوت ہیں

نوجوان پاکستان کا روشن مستقبل ہیں، یوتھ پر سرمایہ کاری خوشحال اور تابناک پاکستان پر سرمایہ کاری ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کی سب سے بڑی قوت ہیں اور یہ بھی تقدیر بدلنے کی پوری

باقی صفحہ 20 جدید نمبر 20



اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے مولانا اویس نورانی ملاقات کر رہے ہیں

77 ویں یوم آزادی کی تقریبات کو شایان شان طریقہ سے منانے کی ہدایت

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب نے تمام پاپولیشن ویلفیئر افسران کو پابند کر دیا

لاہور (این این آئی) سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر پنجاب سلمان اعجاز کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب رائے سے موبیلائزیشن سنگھ اور ڈویژن سے فیصل آباد میں جوڑے سے

باقی صفحہ 21 جدید نمبر 21

ریلوے پھاٹک پر متاثرہ مہالڑی پل تعمیر، 14 روز بعد شاہراہ کامران آمد و رفت کیلئے بحال

پل کے افتتاح کے موقع پر پیل صدقہ کیا گیا اور مٹھائی تقسیم کی گئی

ماشہرہ (این این آئی) ماشہرہ میں سیالانی ریلوے سے متاثرہ مہالڑی پل تعمیر ہو گیا جبکہ شاہراہ کامران کو 14 دن بعد شیالی عافیت جات اور تران

باقی صفحہ 24 جدید نمبر 24

9 مئی کے ماسٹر مائنڈز کو سزا دلوانے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب

سی پی او سے رابطہ ملزمان کے خلاف کارروائی متاثرہ خاتون اور مرد کو تحفظ دینے کی ہدایت

فیصل آباد (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعی امور زیادتی کے واقعے کا فوری نوٹس لے لیا۔ صوبائی

باقی صفحہ 22 جدید نمبر 22

فیصل آباد میں مبینہ خاتون سے زیادتی، صوبائی وزیر اطلاعی امور نے نوٹس لے لیا

سی پی او سے رابطہ ملزمان کے خلاف کارروائی متاثرہ خاتون اور مرد کو تحفظ دینے کی ہدایت

فیصل آباد (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعی امور زیادتی کے واقعے کا فوری نوٹس لے لیا۔ صوبائی

باقی صفحہ 22 جدید نمبر 22

وزیر اعظم کا وائرس سے نوجوانوں کو 10 لاکھ سمارٹ فونز دینے کا اعلان

آج ہم سب نوجوانوں کا عالمی دن منا رہے ہیں، ماضی میں خادم اعلیٰ کے طور پر خدمت کی، اب تہیہ کیا ہے بطور وزیر اعظم خادم بن کر خدمت کروں

پاکستان کے نوجوان انتہائی باصلاحیت ہیں، اگر نوجوانوں کو بیرون ملک مواقع میسر ہوں تو خوشحالی کا انقلاب لا سکتے ہیں، وزیر اعظم شہباز شریف



اسلام آباد، وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف سے نیوزی لینڈ کے سفیر ملاقات کر رہی ہیں



لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

گورنر کی تبدیلی کا فیصلہ ہوا تو حکومت میں رہنے کا جواز نہیں ہوگا، فاروق ستار

مسلم لیگ (ن) کے ساتھ یہی طے ہوا تھا کہ سندھ کے گورنر کامران ٹیسوری ہی رہیں گے، کنوینر

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے سینئر مرکزی رہنماء ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ان کیلئے نے گورنر سندھ کو

باقی صفحہ 30 جدید نمبر 30

اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے 50 کروڑ ڈالر قرض کی فراہمی

تیل خریداری کیلئے اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے ادھار رقم کی پہلی قسط موصول ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال کے دوران اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے پاکستان کو 50 کروڑ ڈالر کی فراہمی کی گئی ہے۔ ذرائع

باقی صفحہ 32 جدید نمبر 32

چکن کی قیمتیں مقرر کرنے کا کہیں: لاہور ہائیکورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کر دیے

لاہور ہائیکورٹ نے درخواست جسٹس ساجد محمود کھوکھر کی عدالت میں سماعت کے لئے مقرر کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چکن کی قیمت قوانین کے مطابق مقرر کرنے کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب

باقی صفحہ 33 جدید نمبر 33

طلب سے زائد پہاڑی پاکستان میں سولر پینل کی قیمتیں تاریخ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی

دو سال قبل 80 روپے فی واٹ میں ملنے والی سولر پینل پلیٹ 37 روپے میں دستیاب ہونے لگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں سولر پینل کی قیمتیں تاریخ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی ہیں۔ دو سال قبل 80 روپے فی واٹ میں ملنے والی سولر پینل پلیٹ اب 37 روپے میں دستیاب ہے، ایک سال قبل یہ قیمت 39 سے 40 روپے تھی، جس میں فی واٹ قیمت میں 2 روپے کی کمی آئی ہے۔ ذرائع

باقی صفحہ 34 جدید نمبر 34

غیر قانونی بھرتیوں کا ریفرنس شاہد خاقان عباسی سمیت تمام ملزمان بری

عدالت نے نیب حکام کی پی ایس او میں غیر قانونی بھرتیوں کا ریفرنس واپس لینے کی درخواست منظور کر لی

نیب کو ختم کریں ورنہ ملک نہیں چلے گا، عدلیہ کے نظام کو درست کرنے کی ضرورت ہے، سابق وزیر اعظم کا گفتگو



اسلام آباد، پیکیج قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جاپان کی سفیر ملاقات کر رہی ہیں

کراچی (این این آئی) پی ایس او میں غیر قانونی بھرتیوں کے ریفرنس میں سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی سمیت تمام ملزمان بری ہو گئے۔ نیب

باقی صفحہ 23 جدید نمبر 23

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



الحمراء کلچرل کمپلیکس میں یوم آزادی کی تقریبات

دھرتی کے ایک ایک ذرے میں وطن کی خاطر جان نچھاور کرنے والوں شہیدوں کا خون شامل ہیں

لاہور (این این آئی) الحمراء کلچرل کمپلیکس میں یوم آزادی کی تقریبات عروج پر پہنچ گئی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا لاہور آرٹس کونسل الحمراء سارہ رشید نے اس حوالے سے اپنے تاثرات میں کہا کہ اس دھرتی کے ایک ایک ذرے میں وطن کی خاطر جان نچھاور کرنے والوں شہیدوں کا خون شامل ہیں، ڈرامہ کے نوجوان آرٹسٹوں نے تحریک آزادی سے حصول پاکستان کے واقعات کو اچھے انداز میں اُجاگر کیا ہے، برس پارس تگ و دو کا صلہ یوم آزادی ہے۔ ڈرامہ "ہم آزاد ہیں" پیش، ڈرامہ کی تشکیل و ہدایات قیصر جاوید کی تھی۔ وطن کی شمع کے پروانے آرٹسٹوں نے شاندار پرفارم کیا۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی صبح جوئی، معاملہ فہمی و دور اندیشی کو دیکھایا گیا۔ معروف اداکاروں وحید بٹ، پرویز رضا، جاوید رضوی، اورنگ زیب لغاری و دیگر نے ڈرامہ دیکھا۔ نوجوان آرٹسٹ لبنیٰ بٹ، بحراب بٹ، عبید ملک، عبد الوہاب، محمد نصیب، اسد عاطف و دیگر نے پرفارم کیا۔

ٹریفک پولیس کی تمام بلڈنگ دفاتر سرکاری گاڑیوں پر سبز پرچم لگانے کی ہدایت

ریسنگ کرنے والوں کیخلاف خصوصی اقدامات کیے جائیں، مرزا فاران بیگ

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے ٹریفک پولیس کی تمام بلڈنگ دفاتر سرکاری گاڑیوں پر سبز پرچم لگانے کی ہدایت کردی۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ تمام ہی ڈی ایز اور ڈی پی او سرکاری بلڈنگ اور ویلکل پر پرچم آویزاں کرنے کو یقینی بنائیں، خصوصاً موٹر سائیکلوں پر بھی سبز پرچم لگایا جائے۔ اس پرچم کی سربلندی کے لیے ہم دل و جان سے اپنے فرائض سرانجام دیتے ہیں، جشن آزادی کی خوشیوں کے سلسلہ میں ٹریفک پولیس بہترین انتظامات کریں۔ مرزا فاران بیگ نے کہا کہ صوبہ ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کیجئے۔ ریسنگ کرنے والوں کیخلاف خصوصی اقدامات کیے جائیں، مرزا فاران بیگ





دورہ سرگودھا کے دوران چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کو سالوانی روڈ اسپورٹل سٹیشن بارے بریفنگ دی جارہی ہے، چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان عوامی فلاحی اقدامات پر مملدرآمد کا جائزہ لینے کیلئے کمشنر آفس سرگودھا میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چیف سیکرٹری پنجاب کا سرگودھا کا دورہ، عوامی فلاحی اقدامات پر عملدرآمد کا جائزہ لیا

ڈپٹی کمشنرز کو تجاوزات کے خاتمے، ٹریفک نظام بہتر بنانے کی ہدایات جاری

کرپشن کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، سروس ڈیلیوری، گورننس بہتر بنانے کیلئے افسران کو روزانہ 18 گھنٹے کام کرنا ہوگا، اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوامی فلاحی اقدامات پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کیلئے چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے سرگودھا کا دورہ کیا۔ انہوں نے خوشاب روڈ اور بگھ سالوانی روڈ سمیت مختلف اسپورٹس اسٹیڈیمز کے فیز ون اور ٹو کی تعمیر کے منصوبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سرگودھا کو ہدایت کی کہ اسپورٹس اسٹیڈیمز کے فیز ون اور ٹو کی تعمیر کے منصوبوں کو ہر صورت 30 ستمبر تک مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور(3)13 اگست 2024ء

شرقپور: دوران علاج وفا پانیوالی خاتون کے لواحقین مشتعل

ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر پر تشدد
وزیر صحت نے نوٹس لے لیا

مریضہ کو بریچ ہیمریج ہو چکا تھا مگر لواحقین کا اصرار تھا کہ ڈیتھ ڈاکٹر کی غفلت سے ہوئی ہے ،ڈاکٹرز کی جانب سے مذکورہ واقعہ پر متوقف،اعلیٰ حکام سے کارروائی کا مطالبہ

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف کے نواحی علاقہ منڈی فیض آباد کی رہائشی شبنم بی بی ٹی ایچ کیو ہسپتال میں جو دوران علاج وفات پاگئی۔مریضہ کے لواحقین مشتعل ہوگئے اور ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر عادل کو تشدد کا نشانہ بنایا جس پر ڈاکٹر عادل اپنی جان بچاتے ہوئے موقع سے نکل گئے اس سارے واقع کی اطلاع مقامی پولیس اور اعلی حکام کو دی گئی جس پر مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور حالات کو کنٹرول کیا۔لواحقین کا کہنا ہے کہ ہماری مریضہ کی ہلاکت ڈاکٹر کی غفلت کی وجہ سے ہوئی ہے ایمرجنسی میں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر عادل ہماری مریضہ کی ہلاکت کا زمہ دار ہے۔اس واقع کے بعد ٹی ایچ کیو ہسپتال کے ڈاکٹرز اور تمام پیرامیڈیکل سٹاف نے احتجاج کرتے ہوئے مکمل ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے،ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ مریضہ کو جب ہسپتال لایا گیا تو اس کی حالت تشویشناک تھی اور شعبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ مریضہ کو برین ہیمریج ہو چکا تھا جس کی ٹریٹمنٹ شروع کر دی گئی تھی مگر مریضہ کے لواحقین اس بات پر اڑے رہے کہ یہ ڈاکٹر کی غفلت کی وجہ سے ڈیتھ ہوئی ہے ہم اعلی حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ڈاکٹر عادل کے ساتھ ہونے والی زیادتی کا فوری ازالہ کیا جائے اور ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے ورنہ ہماری جانب سے مکمل ہڑتال رہے گی،دوسری جانب ڈیوٹی پر موجود سیکورٹی گارڈز نے اپنی ڈیوٹی میں غفلت برتی ہے وہ ڈاکٹر عادل کو تحفظ فراہم کرنے کی بجائے تماشائی بنے رہے۔ ڈی ایس پی فیروز والا نواز سیال ،ڈپٹی ہیلتھ شیخوپورہ ،اسسٹنٹ کمشنر میڈم فاطمہ ارشد و دیگر اعلی حکام بھی موقع پر پہنچ گئے۔اور سارے واقع کی انکوائری جاری ہے۔ڈپٹی ہیلتھ کا کہنا ہے کہ سارے واقع کی مکمل تحقیقات کی جا رہی ہے جلد سارے واقع کی مکمل رپورٹ جاری کی جائے گی



گیگیکو: سب ڈویژن: ایس ڈی او کی کھلی کچہری: صارفین کی شکایات سنیں

صارفین کی جائز شکایات کا ازالہ کرنا انکے فرائضی منصبی میں شامل ہے،محمد رمضان



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) گیگیکو سب ڈویژن نمبر 2 کے ایس ڈی او محمد رمضان نے گزشتہ روز کھلی کچہری لگا کر صارفین بجلی کی شکایات سنیں اور موقع پر انکے ازالہ کے لئے احکامات صادر کئے۔ایس ڈی او کا کہنا تھا کہ صارفین کی جائز شکایات کا ازالہ کرنا انکے فرائضی منصبی میں شامل ہے اور وہ اس سلسلہ میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔

ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی ممبران کا تعارفی اجلاس،ڈپٹی کمشنر کا تعارفی اجلاس سے خطاب

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق عوام الناس کو اشیاء خورد نوش کی مقررہ نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی سیالکوٹ کا اپنا فعال کردار اپنا کرنا ہوگا، آفیشل/ نان آفیشل کے ممبران،صارفین اور رسول سوسائیٹز کے نمائندگان پر مشتمل پرائس کمیٹی کے آراء، تجاویز اور بہترین ورکنگ ریلیشن شپ کی بدولت ناصرف ۔تھوک و پرچون اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں کا درست تعین ہوگا بلکہ ناجائز منافع خوری کے سدباب کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کے ممبران کے تعارفی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید اسد رضا کاظمی، خالد بٹ، جنرل سیکرٹری مرکزی انجمن تاجران شیخ جاوید حیدر، ملک تاج، صدر کریانہ ایسوسی ایشن عقیل سوہنی، شمیم خان لودھی، اشفاق ندر گھمن، حافظ نصیر نواز اور مختار احمد کے علاوہ سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر، ڈی او انڈسٹریز ،ہول سیلرز اور پولٹری ایسوسی کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا کہ اشیائے خورد نوش کی قیمتوں کے تعین کیلئے 13 اگست کو ڈی سی آفس کمیٹی روم میں ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد کیا جائے گا اس ضمن میں کمیٹی کے تمام اراکین پوری تیاری سے آئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب نے شاپنگ بیگز/ پلاسٹک بیگز کے استعمال اور خرید وفروخت پر پابندی عائد کردی ہے۔ دکاندار صارفین کو آگاہی دیں کہ وہ گھروں سے شاپنگ کیلئے ری یوزایبل کپڑے کا تھیلہ ساتھ لیکر آئیں۔

خدمت مرکز شیخوپورہ: ایک ماہ میں 2 ہزار 178 کریکٹر سرٹیفکیٹ جاری

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) خدمت مرکز شیخوپورہ نے حالیہ ایک ماہ میں شہریوں کو 2178 کریکٹر سرٹیفکیٹ جاری کئے،پولیس ویری فلیشن کی تعداد 2235 ہے جنہیں نمٹایا گیا جبکہ ریکویسٹ کی تعداد 22 ہے،ٹینٹس ریکوسٹوں کی تعداد 399،ایف آئی آر کی فراہم کردہ کاپیوں کی تعداد 107،وہیکلز ویری فلیکیشنز کی تعداد 4،کرائم رپورٹس کی تعداد 41،لوس رپورٹ 437،لرنرز ڈرائیونگ لائسنسوں کی تعداد 831،ری نیو لائسنسوں کی تعداد 1206،انٹرنیشنل لائسنوں کی تعداد 10،ڈپلی کیٹ اور ریگولر لائسنوں کی تعداد 25، ایم ایل سی کے اجراء ٹی ایچ کیو ہسپتال مرید کے تعداد 101،ایم ایل سی ٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور شریف 88،ایم ایل سی ٹی ایچ کیو ہسپتال صفدر آباد 91، ایم ایل سی ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ کی تعداد 351 ہے۔

گوجرانوالہ روڈ: نالوں کی صفائی کے منصوبوں کو ضلع کونسل عملہ بے بہتہ خوری کا ذریعہ بنالیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گوجرانوالہ روڈ پر نالوں کی صفائی کے منصوبہ کو ضلع کونسل کے عملہ نے مقامی رہائشیوں اور تاجروں سے بہتہ خوری کا ذریعہ بنالیا مٹھی گرم کرنے والے تاجروں اور رہائشیوں کی دکانوں اور گھروں کے باہر سے نالہ کی سلیپس کو اکھاڑے بغیر نالہ کی صفائی انجام دینے لگے جبکہ بہتہ نہ دینے والے افراد کے گھروں اور دکانوں کے باہر کی نالہ کی سلیپس اکھاڑ نے سمیت نالہ سے نکالا گیا کوڑا کرکٹ اور گندگی کو ڈھیروں کی شکل میں جمع کرنا شروع کر دیا، اہل علاقہ کے مطابق ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ضلع کونسل نے پرائیویٹ عملہ کے ذریعے اس نالہ کی صفائی کا عمل شروع کا جس نے نہ صرف نالہ کی لاکھوں روپے مالیت کی سلیپس اکھاڑ ڈالیں بلکہ نالہ کو بھی جگہ جگہ سے جان بوجھ کر کھڈوں کی شکل میں تباہ کر دیا دوسری طرف جن بعض مقامی رہائشیوں اور تاجروں نے عملہ صفائی کی ڈیمانڈ مان کر اس کی مٹھی گرم کی انکی دکانوں اور گھروں کے باہر سے سلیپیں اکھاڑی نہیں گئیں اور نہ ہی انکے گھروں کے باہر کوڑے اور گندگی کے ڈھیر لگائے گئے، اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر وقار علی خان سے نالہ کی صفائی کے عمل کا فوری جائزہ لینے اور ٹھیکیدار کے خلاف کاروائی کا مطالبہ۔

سیالکوٹ: جشن آزادی کے روز بھرپور شجرکاری مہم چلائی جائیگی: ڈپٹی کمشنر

14 اگست کا آغاز ضلع بھر میں مساجد میں وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی دعاؤں سے ہوگا، صبح 7 بجکر 59 منٹ پر قلعہ سیالکوٹ پر پرچم کشائی سے ہوگا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق جشن آزادی تقریبات شایان شان طریقے سے منانے کیلئے ضلع بھر میں تیاریوں کو حتمی شکل دیدی گئی ہے، رواں سال جشن آزادی کے روز پلانٹ فار پاکستان کے عنوان سے شجرکاری کی بھرپور مہم چلائی جائے گی جس کیلئے سرکاری محکموں کے افسران وملازمین خصوصی حصہ لیں گے جبکہ عام شہریوں کی شرکت کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے گی، یہ تفصیلات ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے بتائیں، اے ڈی سی فنانس مظفر مختار بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے بتایا کہ 14 اگست کا آغاز ضلع بھر میں مساجد میں وطن عزیز کی ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعاؤں سے ہوگا، صبح 7 بجکر 59 منٹ پر قلعہ سیالکوٹ پر پرچم کشائی سے ہوگا جہاں پولیس، سول ڈیفنس کے افسر وجوان سلامی دیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے چیلنجز کے پیش نظر جشن آزادی کے روز خصوصی شجرکاری مہم چلائی جائے گی، تمام سرکاری افسران وملازمین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے حصے کا ایک پودا لگائیں اور شجرکاری کرتے ہوئے تصویر یا ویڈیو کلپ بنا کر حکومت پنجاب کے متعلقہ پورٹل پر شیئر کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ جشن آزادی کے موقع پر سرکاری دفاتر پر چراغاں کیا جارہا ہے جبکہ میونسپل کمیٹی ڈسکہ نے 13 اگست کی شب جشن آزادی فیسٹول کا انتظام کیا ہے جہاں معروف فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے

اوکاڑہ: پولیس نے منشیات کا ڈیلر گرفتار کر لیا، 10 کلو منشیات برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے منشیات کا ڈیلر گرفتار کرلیا۔ملزم سے 10 کلو منشیات برامد پولیس ملزم اس پاس کے علاقوں میں منشیات سپلائی کرتا تھا۔

منڈی عثمانوالہ: شہید کو پولیس کی جانب سے سلامی پیش کی گئی

قصور (بیورو رپورٹ) قصور کے نواح منڈی عثمانوالہ میں پولیس کی شہید کو اسلامی پیش کی گئی اور اس کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔قصور کے نواح منڈی عثمانوالہ کے علاقے کھٹیانہ میں شہید کو پولیس کی اسلام پیش کی گئی،تھانہ منڈی عثمانوالہ کے ایس ایچ او سمیت دیگر اہلکاروں نے پولیس اہلکار شہید محمد طفیل کو اسلامی پیش کی اور قبر پر فاتحہ کانی کی گئی اور ساتھ پھول چڑھائے گئے۔

ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ڈمپنگ سائٹ/ مین روڈز پر شجرکاری مہم جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر جھنگ عمران رفیق نے محکمہ ہائی وے اور فارسٹ کے ہمراہ پلانٹ فار پاکستان کے سلسلہ میں گوجرہ روڈ کی ڈمپنگ سائٹ کے ساتھ مین روڈ پر پودے لگائے۔اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کیلئے مون سون کی شجرکاری مہم کے دوران مختلف اقسام کے پودے لگائے جا رہے ہیں۔شہر کے داخلی وخارجی راستوں سمیت سڑکوں کے اطراف اور چوراہوں کو خوبصورت بنایا جا رہا ہے اور ساتھ ساتھ انکی حفاظت اور دیکھ بھال کو بھی یقینی بنانے کے عملی اقدامات بھی کئے جا رہے ہیں تاکہ انکی اچھے طریقے سے آبیاری ہو سکے۔ حکومت کی ماحول دوست پالیسی کے تحت پانچ لاکھ پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت کی پلانٹ فار پاکستان مہم کو بھرپور انداز میں کامیابی سے ہمکنار کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے اور ضلع کو سرسبز وشاداب اور ماحول کو خوشگوار بنانے کے تسلسل کو قومی جذبہ سے جاری رکھیں گے۔

ڈپٹی کمشنر قصور کا تبادلہ: عوامی سماجی تاجر صحافی اور وکلا تنظیموں کی نمائندہ شخصیات نے شکرانے کے نوافل ادا کئے

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر قصور کے تبادلے پر ایثار فورم قصور میں عوامی سماجی تاجر صحافتی اور وکلا تنظیموں کی نمائندہ شخصیات نے شکرانے کے نوافل ادا کئے اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ بزرگ صحافی بانی پریس کلب قصور سردار شریف سوھڈل محمد رفیق میاں سمیت متعدد شخصیات نے اظہار خیال کیا اور تبادلہ کو خوش آئند قرار دیا تفصیلات کے مطابق شہریوں کے مسائل کے لئے عرصہ دراز سے شہر قصور میں قائم ایثار فورم نے ڈی سی قصور کے تبادلہ پر عوامی ردعمل پر اور پن فورم کا اہتمام کیا جس میں وکلاء صحافیوں۔ تاجروں۔عوامی سماجی وسیاسی شخصیات نے شرکت کی اور قصور میں عرصہ دراز سے تعینات ڈپٹی کمشنر ارشد بھٹی جس پر ڈسٹرکٹ بار قصور اور عوامی رائے کے مطابق ناانلی۔ اختیارات سے تجاوز اور کرپشن کے الزامات تھے۔اور وہ عوامی نفرت کے نشانے پر تھے کے تبادلہ پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے۔شکرانے کے نوافل ادا کئے اور مٹھائی تقسیم کی گئی الحاج ڈاکٹر فضل رحیم کی صدارت میں ہونے والے فورم میں صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور سردار شریف سوھڈل ایڈووکیٹ محمد رفیق میاں ایڈووکیٹ ۔سینئر صحافیوں آصف اقبال رحمت علی طاہر۔مہر محمد اکرم اطہر قصوری تاجروں۔عوامی سماجی فلاحی تنظیموں کے نمائندگان اور وکلاء نے شرکت کی

بھلوکار ہائشی کرنٹ لگنے سے جاں بحق

قصور (بیورو رپورٹ) قصور کے نواحی گاؤں بھلو میں ایک شوروم پر کام کرتے ہوئے الیکٹریشن بجلی کا کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔قصور کا 18 سالہ رہائشی الیکٹریشن بشیر احمد بھلو کے قریب ایک نجی شوروم میں کام کر رہا تھا کہ لوہے سٹول کھینچنے لگا تو بجلی کی مین تار کے ساتھ لگنے کرنٹ لگ گیا جس سے اس کی حالت سیریس ہوگئی مریض کو ریسکیو 1122 کے عملے نے ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا مگر وہ جانبر نہ ہوسکا۔

نارنگ منڈی: زہریلا آٹا کھانے سے 4 خواتین سمیت 6 کی حالت نازک

پسوانے کیلئے بھیجی گئی گندم میں موجود زہریلی گولیاں بھی پس گئی جو آٹے میں مل گئی

زہریلی روٹیاں کھانے سے مزدوروں کی حالت نازک ہونے پر دیہی مرکز منتقل کر دیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) زہریلا آٹا کھانے سے چار خواتین سمیت چھ افراد کی حالت نازک ہسپتال منتقل بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں کھنڈا میں موچی کی پنیری لگانے کیلئے آئے ہوئے مزدوروں کو کاشتکار نے گندم کا توڑا دیا کہ اسے پسوا کر استعمال کرلیں گندم میں موجود زہریلی گولیاں بھی گندم کے ساتھ پیس دی گئیں اور وہ آٹا میں مل گئیں زہریلے آٹے کی روٹیاں کھانے سے 4 خواتین اور دو مرد مزدوروں کی حالت غیر ہوگئی جنہیں دیہی مرکز صحت نارنگ منتقل کر دیا گیا۔

نارنگ منڈی: سیالکوٹ سیکشن پر چلنے والی علامہ اقبال ایکسپریس تاخیر کا شکار

مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا،ٹرین چار گھنٹے تاخیر سے پہنچی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سیالکوٹ سیکشن پر چلنے والی علامہ اقبال ایکسپریس تاخیر کا شکار مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ناروال سیکشن پر سیالکوٹ سے کراچی کے درمیان چلنے والی علامہ اقبال ایکسپریس بروقت نہ چلنے پر مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا بتایا گیا ہے کہ وزیر آباد ریلوے اسٹیشن میں بارش کی وجہ سے ٹریک کمزور ہونے کے باعث پاور پلانٹ اور اے سی کوچ ڈی ریل ہوگئی لاہور سے نئی پاور اور اے سی پلانٹ کی روانگی کے بعد ٹرین کو بحال کر دیا گیا جو تقریباً چار گھنٹے کی تاخیر سے اپنی منزل کی طرف روانہ ہوگئی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹراما سنٹر کا دورہ

علاج معالجہ کی سہولیات/تعمیر ومرمت کے ضروری کاموں و دیگر انتظامات کا جائزہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد ڈویژن ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر فواد شہزاد مرزا نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹراما سنٹر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات تعمیر ومرمت کے ضروری کاموں اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ایم ایس ڈاکٹر ظفر مقصود، اے ایم ایس ڈاکٹر فاتح علی تارڑ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور عباس بھی انکے ہمراہ تھے۔ڈی ایچ کیو ہسپتال کے دورہ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے شعبہ جنرل ایمرجنسی، چلڈرن ایمرجنسی، میڈیکل وارڈ، سی سی یو، میڈیسن سٹور، ایکسرے روم، لیبارٹری اور دیگر شعبہ جات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، ادویات کی مفت فراہمی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم ایس کو ہدایت کی کہ ایکسرے مشین اور میڈیکل ٹیسٹوں کی خراب مشینوں کو فوری طور پر ٹھیک کروایا جائے۔

مرکزی جمعیت اہلحدیث کا یوم آزادی پر سیمینارز اور ریلیاں نکالنے پر اتفاق



مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع انجمیل کے اجلاس سے نائب امیر ضلع مولانا بہادر علی سیف، ضلعی ناظم اعلی قاری محمد ارشد، قاری بشیر احمد، مولانا اشرف جاوید، حنظلہ طور، سعید انصاری، ڈاکٹر ایوب صدیقی، ابوبکر پٹوی، و دیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) نائب امیر مولانا بہادر علی سیف، قاری بشیر احمد عزیزی سینئر نائب امیر، مولانا اشرف جاوید امیر جڑانوالہ، حنظلہ طور ناظم تاندلہ، سعید احمد انصاری ناظم تحصیل صدر، ڈاکٹر ایوب صدیقی تحصیل ناظم سمندری، ابوبکر پٹوی صدر یوتھ فورس ضلع، شیخ نصر اللہ سینئر نائب ناظم ضلع، قاری عبدالخالق بخاری ناظم مالیات سمندری، مولانا محمد افتخار ناظم تبلیغ ضلع، مولانا حبیب الرحمن ساجد ناظم تبلیغ تحصیل صدر، افتخار احمد فرانز نائب ناظم ضلع، عبدالحفیظ انور، میاں طیب و دیگر تحصیلوں کے امیر و ناظم و ذمہ داران نے شرکت کی، اجلاس کا ایجنڈا 14 اگست کو سیمینار اور ریلیاں نکال پر بھرپور انداز میں منانے پر اتفاق کیا، ہر ذمہ دار اپنی تحصیل میں 14 اگست کے دن سیمینار اور ریلیاں اور جلوس وغیرہ کا اجتماع کرے، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ذمہ دران نے کہا کہ قیام پاکستان اور تعمیر پاکستان میں نوجوانوں کا کردار مثالی تھا' نوجوانوں نے بانی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کے ہراول دستہ کا کام کیا' انہوں نے کہا کہ پاک سرزمین کو آزاد ہوئے 78 سال مکمل ہو گئے ہیں اور اتنے سال گزرنے کے باوجود بھی ملک پاکستان کے باسیوں میں جشن آزادی منانے کا جوش وولولہ ہر آنے والے سال کے ساتھ بڑھتا چلا جا رہا ہے' آزادی کا مہینہ شروع ہوا تو جذبہ حب الوطنی سے سرشار پاکستانیوں کو جوش و جذبہ اپنے عروج پر پہنچ جاتا ہے' انہوں نے امید کا اظہار کیا جماعت اہلحدیث کے ذمہ داران ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا حصہ ڈالیں گے اور اچھے شہری بن کر ملک وملت کی خدمت کریں گے، انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس کے حالیہ فیصلے کہ قادیانیوں کو مذہبی آزادی ہے اس سے وہ ایک دھوکہ، فراڈ اور کذب و دجل کو قانونی جواز دے رہے ہیں، جس سے ملک میں انارکی اور خانہ جنگی کی کیفیت پیدا ہو گی، امت مسلمہ اس فیصلہ کو یکسر مسترد کرتی ہے، اور چیف جسٹس اور پاکستان سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس فیصلے کو فوری واپس لیا جائے۔

ننکانہ صاحب: ڈی پی او کی ہدایت پر اشتہاری مجرمان کیخلاف کارروائیاں

4 ماہ قبل ہونیوالی راہزنی کی واردات میں مطلوب دو اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر لیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او صاعد عزیز کی ہدایت پر اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں بلا امتیاز جاری۔ تھانہ سید والا پولیس کی بڑی کارروائی۔ 4 ماہ قبل ہونیوالی راہزنی کی واردات میں مطلوب دو اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر لیا گیا۔تفصیلات کے مطابق مجرمان ندیم عباس اور غلام عباس راہگیر اکرام سے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے تھے۔ راہزنی کی واردات کا مقدمہ اکرام کے چچا طارق کی مدعیت میں درج تھا۔ اشتہاری مجرمان کو تھانہ سید والا کی چوکی کوٹ حاکم پولیس نے گرفتار کیا۔ مجرمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ڈی پی او صاعد عزیز نے اتحاجرا چوکی کوٹ حاکم اصغر شاہین اور ہمراہی ٹیم کی کارکردگی کو خوب سراہا۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ آئی جی پنجاب کے وژن کے مطابق اشتہاری مجرمان کے گرد گھیرا تنگ کیا جا چکا ہے۔ ضلعی پولیس جامع پلان تشکیل دیکر اشتہاری مجرمان کی گرفتاریاں یقینی بنا رہی ہے۔

جھنگ: مصنوعی مہنگائی پیدا کرنیوالے گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے خلاف ورزی پر 19 لاکھ 66 ہزار روپے جرمانہ کیا



جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی وژن کے تحت ضلع بھر میں مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے والے گرانفروشوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس حوالہ سے رواں ماہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 15647 انسپکشنز کے دوران خلاف ورزی پر 19 لاکھ 66 ہزار روپے سے زائد کا جرمانہ کیا، 114 دوکاندار گرفتار اور 4 مقدمات درج کروائے گئے۔ ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی ہدایات پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس بھی سرکاری نرخ نامہ پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کیلئے فیلڈ میں موجود ہیں۔ صارفین کو مقررہ ریٹس پر اشیائیکی فروخت کو یقینی بنایا جا رہا ہے جبکہ اس ضمن میں مقررہ نرخوں سے زائد ریٹس پر اشیائیکی فروخت کرنے والے دوکانداروں کو موقع پر جرمانے کئے جا رہے ہیں۔

ہمارے بڑوں نے آزادی کیلئے سب کچھ قربان کیا، چوہدری نثار گجر

یوم آزادی پر شجرکاری مہم شروع کرنی چاہیے ہر ایک اپنے حصے کے پودے لگائے، شہباز قادری





نارنگ منڈی (میاں معظم سے) آزادی بہت بڑی نعمت ہے اس کے حصول کیلئے بڑی قیمت چکانی پڑتی ہے پاکستان 14 اگست 1947 کو معرض وجود میں آیا اس کے حصول کیلئے ہمارے بڑوں نے جانیں دیں مال وزر سب کچھ قربان کر دیا لاکھوں جانوں کے نذرانے دے کر یہ وطن حاصل کیا ہماری نسل کو 14 اگست 1947 کے پیش آنے والی مشکلات اور اکابرین کے جذبے سے روشناس کروانا ضروری ہے ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم پی پی 136 شہباز احمد قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ یوم آزادی کے موقع پر شجرکاری مہم شروع کرنی چاہیے جہاں ہر ایک کو اپنے حصے کے دو دو پودے لگانے چاہیں تاکہ اگلے یوم آزادی تک پاکستان سرسبز وشاداب نظر آئے اس سے ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور موسمیاتی اثرات کا خاتمہ ہوگا۔

قوم کو 77 واں یوم آزادی مبارک ہو، چوہدری جاوید اقبال گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) قوم کو کے ضلعی صدر تحصیل شیخوپورہ چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے 77 واں یوم آزادی مبارک ہو آزادی ایک نعمت ہے پاکستان اللہ تعالی کا تحفہ ہے جو ہر لحاظ سے مالا مال ہے لیکن افسوس کہ اسے لوٹ کر کھانے والوں کا پیٹ نہیں بھرتا اگر یہاں پر موجود وسائل کا کہی استعمال کیا جائے تو پاکستان پوری دنیا پر حکمرانی کرسکتا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ضرورت ہے تاکہ عوامی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والوں کا احتساب ہوسکے۔ مزید کہا کہ آزادی بہت بڑی نعمت ہے لیکن بدقسمتی سے ہم کسی بھی لحاظ سے آزاد نہیں ہے ہمیں ہر طرف سے مسائل نے گھیرا ہوا ہے معاشی بدحالی سے نکلنے تک ہم آزاد نہیں ہوسکتے یہاں پر بنگلہ دیش کی طرح انقلاب کی

فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ جولائی میں متعدد منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا

فیسکو وطن عزیز کے 77 ویں یوم آزادی کو ملی جذبے سے منائیگی

جھنگ (بیورو رپورٹ) فیسکو وطن عزیز کے 77 ویں یوم آزادی کو بھرپور ملی جذبے سے منا رہی ہے۔ 14 اگست کو دن کا آغاز فجر کی نماز کے بعد ملک کی سلامتی اور ترقی کیلئے خصوصی دعاؤں سے ہوگا۔ پرچم کشائی کی مرکزی تقریب فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں صبح نو بجے ہوگی جس میں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر اور دیگر فیسکو افسران اور ملازمین پرچم کشائی کے بعد یک زبان ہو کر قومی ترانہ پڑھیں گے جبکہ فیسکو کے جھنگ، سرگودھا اور میانوالی سرکلز میں بھی پرچم کشائی کی تقاریب منعقد کی جائیں گی۔ فیسکو ہیڈ کوارٹر اور تمام دیگر فیسکو دفاتر کی عمارات پر چراغاں کیا جائے گا اور جھنڈیاں لگائی جائیں گی۔

جھنگ (بیورو رپورٹ) فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ جولائی میں ریجن بھر میں 905.209 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ ماہ جولائی میں 130. 887 ملین سے زائد کی لاگت سے 76 دیہات میں بجلی کی فراہمی عمل میں لائی گئی جبکہ 27. 060 ملین کی لاگت سے 2 ایچ ٹی اور 51. 418 ملین کی لاگت سے 46 ایل ٹی پر پوزلز مکمل کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق فیسکو کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ نے ماہ جولائی میں فیصل آباد، جھنگ، سرگودھا اور میانوالی سرکلز کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، میانوالی، سرگودھا، بھکر اور خوشاب میں 76 نئے دیہات روشن کرنے کے علاوہ 46 ایل ٹی پر پوزلز اور 2 فیڈروں کی تکمیل کرلی ہے جن پر 905.209 ملین روپے لاگت آئی ہے۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

''کرشمہ ساز'' کی مشکل سے مشکل تر ہوتی زندگی

اپنے تئیں عقل کل ہوئے سمجھ بیٹھے لفظ فراڈ فی وی سکرینوں کے ذریعے آپ میں ''علم'' بانٹنے جو بے رحمی کا پہاڑ بناتے ہیں۔ پہاڑی میں بتلائی محاورے والی مدعا عنقا ذکرا آمد بلوتے ہوئے کوئی لذیذ یا سوہنہ شے ملنا کہیں ممکنات نہیں ہوتا۔ ہم ڈھائی سے گر اس میں مصروف رہتے ہیں۔ کاربے سود میں مصروف رہنے کے لئے بنیادی تنک درمیانہ میں ایک کرشمہ سازی مخلوط ہے ذرا ہم بھی ہے۔

1996ء میں دنیا کا پہلا ٹکنالوجی دینے کے ادارے سے ساتھ میں متحرک ہوئے تھے سیاسی روایات کو خطرات سے ٹکرا تے ہوئے کئی طاقتور راستہ انوں کو ''اوے'' کہتے ہوئے للکارا۔ انہیں بدترین بدعنوانی کی علامتیں ٹھہرایا اور قوم سے یہ وعدہ کیا کہ اگر وہ اقتدار میں آئے تو قوم کے خزانے سے سینہ پھر پور قوم چوراسی روپے ان خریدنے والوں کو عبرت کا نشان بنادیں گے۔ بالآخر اگست 2018ء میں وہ وزارت عظمیٰ کے منصب پر فائز ہو گئے۔ ان کی جانب سے بدعنوان ٹھہرائے سیاستدانوں کی ایک کثیر تعداد احتساب بیورو کی جیلوں میں ذلت آمیز پیشیوں اور گرفتاریوں کے بعد عدالتوں سے ضمانتوں کے حصول کیلئے کئی مہینوں تک پیشی کا دھوں میں الجھی رہی۔ پاکستان کے بیس بارہ دیگر وزرائے اعظم بے نیل ومرام رخصت ہوئے۔

ہماری تاریخ میں ان کی حکومت غالباً وہ پہلی سول حکومت تھی جو ''ان'' کے ساتھ ''سم پج'' پر شراکت کے ڈیوٹس سے بھی مالا مال رہی۔ قوم کی لوٹی ہوئی دولت سرکاری خزانے میں اس کے باوجود واپس نہیں آئی۔

2019ء میں پاکستان ایک بار پھر مطار کے اسی لاینحل آئی ایم ایف سے ''امدادی پیکیج'' مانگنے کو مجبور ہوا۔ اس کے ساتھ ہوئے معاہدے کی شرائط پر عملدرآمد کا آغاز ہوا تو عوام بلبلا اٹھے۔ لوگوں کے دلوں میں اٹھتے غصے سے گھبرا کر آئی ایم ایف کو خیرباد کہنا تو درکنار اس نے خوشحال ملک قرار دئیے ادارہ ''سم پج'' سے نکل کر اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ مل کر ''عدم اعتماد'' کی تحریک کے ذریعے وزیر اعظم کے منصب پر فائز ہو گئے۔ دریں اثناء ''غیر ملکی'' سازش کا ڈھنڈورا پیٹ کر عوام کو سڑکوں پر لانے کی بھرپور کوشش کی مگر ناکام ہوئی۔ مارچ 2024ء تک دن ہوئے عام انتخابات کے انعقاد کا اعلان ہوا۔ اپریل 2024ء میں وہ اقتدار سے محروم ہو گئے۔ ان کی وجہ سے ریاست کا طاقت ور ترین ادارہ ''سم پج'' سے نکل کر اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ مل کر ''عدم اعتماد'' میں آئے تو قوم کے خزانے سے سینہ پھر پور قوم چوراسی روپے ان خریدنے والوں کو عبرت کا نشان بنادیں گے۔ بالآخر اگست 2018ء میں وہ وزارت عظمیٰ کے منصب پر فائز ہو گئے۔ ان کی جانب سے بدعنوان ٹھہرائے سیاستدانوں کی ایک کثیر تعداد احتساب بیورو کی جیلوں میں ذلت آمیز پیشیوں اور گرفتاریوں کے بعد عدالتوں سے ضمانتوں کے حصول کیلئے کئی مہینوں تک پیشی کا دھوں میں الجھی رہی۔ ان وزیر اعظم کے منصب پر فائز



قوم کا پیار دیکھ کر خوشی کے مارے نیند ہی نہیں آرہی: ارشد ندیم

پہلی تھرو میں جب رنز اپ تھوڑا خراب ہوا تو فاؤل کر دیا تاکہ انجری نہ ہو اور پھر اگلی تھرو میں محنت کی اور اللہ کے فضل سے ریکارڈ تھرو ہوئی

میاں چنوں (شیروز میاں) پیرس اولمپکس کے جیولن تھرو کے مقابلے میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے قومی ہیرو ارشد ندیم کا کہنا ہے کہ قوم کا پیار دیکھ کر مجھے تو خوشی کے مارے نیند ہی نہیں آ رہی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پیرس اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا کہنا تھا ٹوکیو اولمپکس کے بعد پیرس اولمپکس کے لیے بہت محنت کی تھی، 2016 میں پہلا انٹرنیشنل ایونٹ کھیلا، 8 اگست کو محنت کا پھل ملا۔ ارشد ندیم کا کہنا تھا میرے کوچ سلمان بٹ نے بہت ساتھ دیا، انہوں نے مجھے ہمت نہیں ہارنے دی، فیلڈنگ بڑی اچھی تھی، ٹریننگ کی بہت کی تھی اور پیچھے پوری قوم کی دعائیں اتنی زیادہ تھیں کہ مجھے پوری امید تھی اس بار گولڈ میڈل جیتوں گا۔ ان کا کہنا تھا 2022 میں میں نے کامن ویلتھ مقابلوں میں 90 میٹر کا ریکارڈ توڑا تھا، میری ہر بار کوشش ہوتی ہے کہ بہتر سے بہتر کروں، پہلی تھرو میں جب رزاپ تھوڑا خراب ہوا تو فاؤل کر دیا تاکہ انجری نہ ہو اور پھر اگلی تھرو میں محنت کی اور اللہ کے فضل سے ریکارڈ تھرو ہوئی۔ انہوں نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ جب دوسری تھرو کی 92 کی تو اسی وقت 90 فیصد یقین ہو گیا تھا کہ گولڈ میرا ہی ہے لیکن اس مقابلے میں ورلڈ چیمپئن شریک تھے اسی لیے آخری دم تک محنت جاری رکھی اور محنت کا صلہ بھی ملا۔ ارشد ندیم کا کہنا تھا گھٹنے سرجری کے بعد دو مرتبہ انجری ہوئی، لیکن میرے کوچ اور فزیو نے بہت محنت کی، اس پر دونوں کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں، پوری قوم کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھے اتنا پیار اور محبت دی۔ بھارت کے جیولن تھرو نیرج چوپڑا سے اپنی دوستی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے قومی ہیرو کا کہنا تھا میں اور نیرج چوپڑا دونوں اچھے دوست ہیں لیکن جب میدان میں ہوتے ہیں تو ہر کوئی اپنے وطن کے لیے کوشش کرتا ہے۔ حکومت، پنجاب اسپورٹس بورڈ اور فیڈریشن کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ سب نے میرا ساتھ دیا۔



بنگلہ دیش کی ٹیسٹ سیریز کے لیے پاکستان روانگی سے قبل لٹن داس سیلفی لیتے ہوئے۔

فارغ لوگ بورڈ میں جا کر بیٹھ جاتے ہیں، انہیں کام سے کوئی غرض نہیں، رانا ثناء

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ فیڈریشن اور بورڈ میں لوگ آرام فرما رہے ہیں، انہیں کام سے کوئی غرض نہیں۔ نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بغیر نام لیے بورڈ اور فیڈریشن کے لوگوں پر تنقید کی۔ پورے ملک میں ایسا کوئی اسپورٹس کمپلیکس نہیں جہاں انٹرنیشنل لیول کی سہولتیں موجود ہوں۔ صوبائی سطح پر بھی ایسی اکیڈمیز ہونی چاہئیں۔

آندرے روبلوف نیشنل بینک اوپن ٹینس مینز سنگلز فائنل میں پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) روبی ٹینس سٹار آندرے روبلوف اور آسٹریلوی ٹینس کھلاڑی الیکسی پوپیرین نیشنل بینک اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں اپنی فتوحات کے سلسلے کو برقرار رکھتے ہوئے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میں پہنچ گئے۔ روبی ٹینس کھلاڑی آندرے روبلوف نے سیمی فائنل میچ میں اطالوی حریف کھلاڑی میٹیو آرنلڈی کو شکست دی جبکہ آسٹریلوی کھلاڑی الیکسی پوپیرین نے دوسرے سیمی فائنل میچ میں امریکی حریف کھلاڑی ساٹین کو ڈاکو شکست دی۔

سری لنکا ٹیسٹ سیریز سے قبل انگلینڈ کو بڑا دھچکا' کپتان بین اسٹوکس انجرڈ



کولمبو (این این آئی) سری لنکا سے ٹیسٹ سیریز سے پہلے انگلینڈ ٹیم کو بڑا دھچکا لگ گیا، ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بین اسٹوکس انجرڈ ہو گئے۔ دی ہنڈرڈ لیگ میں رنس لینے کے دوران بین اسٹوکس انجرڈ ہوئے، اسٹریچر نہ ہونے کی وجہ سے بین اسٹوکس کو چل کر گراؤنڈ سے باہر جانا پڑا۔ بین اسٹوکس کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ان کی چوٹ کا اندازہ لگایا جا رہا ہے۔ انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا میچ 21 اگست کو کھیلا جائے گا، پہلے ٹیسٹ میں اب کپتان کی شرکت مشکوک ہو گئی ہے۔

پیرس اولمپکس رنگارنگ اختتامی تقریب کے ساتھ ختم

اولمپک اسٹیڈیم میں شاندار تقریب سجائی گئی، سینکڑوں فنکاروں کا دلکش پرفارمنس کا مظاہرہ



پیرس (این این آئی) کھیلوں کا سب سے بڑا میلہ پیرس اولمپکس رنگارنگ اختتامی تقریب کے ساتھ ختم ہو گئے، اولمپک اسٹیڈیم میں شاندار تقریب سجائی گئی، سینکڑوں فنکاروں نے دلکش پرفارمنس کا مظاہرہ کیا، فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون اور ان کی اہلیہ بھی اختتامی تقریب میں شریک ہوئے۔ اسٹیڈ ڈی فرانس میں ہونے والی رنگارنگ تقریب میں مختلف ممالک کے اتھلیٹس اپنے ملک کا پرچم تھامے شریک ہوئے، مارچ پاسٹ کیا، اس کے بعد فنکاروں نے خوب رنگا جمایا۔ اولمپکس مقابلوں کے انعقاد کو ممکن بنانے میں اہم کردار ادا کرنے والے 45 ہزار رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کیا گیا، اس کے بعد میوزک کی جھنکار ہوئی، جس سے اسٹیڈیم میں موجود تماشائیوں کے ساتھ اتھلیٹس بھی خوب محظوظ ہوئے۔ اسٹیج پر پیرس اولمپک آرگنائزنگ کمیٹی کے صدر ٹونی اسٹیگوٹ اور انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کے صدر تھامس باخ نے خطاب کیا، اس کے بعد اولمپک پرچم کو اتارا گیا اور اگلے اولمپکس کی میزبان شہر لاس اینجلس کے میئر کیرن بریڈلے کو اولمپک پرچم سونپا گیا۔ اس کے بعد لاس اینجلس کے میئر نے اولمپک پرچم لاس اینجلس کے میئر کو واپس کر دیا۔ اس کے بعد لاس اینجلس کی تھیم پر شاندار پرفارمنس پیش کی گئی۔

پیرس اولمپکس 2024 میں امریکا 126 میڈلز جیت کر پہلے نمبر پر رہا

پیرس (این این آئی) امریکا نے ویمنز باسکٹ بال میں گولڈ میڈل جیت کر پیرس اولمپکس میں بھی بالادستی قائم کر دی۔ مقابلوں کے اختتام پر امریکا اور چین کے طلائی تمغوں کی تعداد 40،40 برابر رہی۔ پیرس اولمپکس 2024 میں مجموعی طور پر امریکا 126 میڈلز جیت کر پہلے نمبر پر رہا، چین 91 تمغے جیت کر دوسری پوزیشن پر رہا جبکہ جاپان 20 طلائی تمغوں سمیت 45 میڈلز کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ میڈلز ٹیبل پر پاکستان کا 62 واں نمبر رہا جبکہ بھارت کی 71 ویں پوزیشن رہی۔ 206 میں سے 90 ممالک کے اتھلیٹس نے سینے پر تمغہ سجایا۔ پیرس اولمپکس کا آخری گولڈ میڈل مقابلہ ویمنز باسکٹ بال فائنل تھا جس میں امریکا اور میزبان فرانس کی ٹیمیں مدمقابل تھیں۔ انتہائی دلچسپ اور سنسنی خیز میچ میں امریکا نے 66-67 کے اسکور سے کامیابی حاصل کی۔

ایک اور ہیرو، تائیکوانڈو کے بین الاقوامی کھلاڑی عامر خان نے گولڈ میڈل حاصل کر لیا

کھلاڑی نے گولڈ میڈل سوات کے عوام کے نام کر دیا



بنکاک (این این آئی) پاکستان کے ایک اور قومی ہیرو نے گولڈ میڈل حاصل کر لیا۔ تائیکوانڈو کے بین الاقوامی کھلاڑی عامر خان نے بنکاک میں ملک کا نام روشن کیا۔ عامر خان کا تعلق مینگورہ سے ہے، عامر خان نے ساتویں انٹرنیشنل چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔ مقابلے کے تین راؤنڈ ہوئے، جن میں انہوں نے پہلے انڈیا، دوسرے میں نیپال اور فائنل میں فلپائن کے کھلاڑی کو شکست دی۔ بنکاک سے فون پر آج نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ بہت خوش ہیں کہ انہوں نے پاکستان کے لئے گولڈ نیڈل حاصل کیا اور وہ یہ گولڈ نیڈل سوات کے عوام کے نام کرتے ہیں۔

احمد بیگ نے چیف آف نیول اسٹاف گالف چیمپئن شپ کا پروفیشنلز ٹائٹل جیت لیا

امیچر زٹائٹل عمر خالد کے نام رہا، لیڈیز ایونٹ میں ایبہا سید کامیاب رہیں

کراچی (این این آئی) احمد بیگ نے چیف آف نیول اسٹاف گالف چیمپئن شپ کا پروفیشنلز ٹائٹل جیت لیا۔ امیچر زٹائٹل عمر خالد کے نام رہا، لیڈیز ایونٹ میں ایبہا سید کامیاب رہیں۔ چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے کامیاب گالفرز میں انعامات تقسیم کیے۔ پاکستان ایئر فورس کے احمد بیگ نے 28 ویں چیف آف دی نیول اسٹاف اوپن گالف چیمپئن شپ جیت لی۔ احمد بیگ نے 12 انڈر پار کیساتھ ٹاپ پوزیشن حاصل کی، دفاعی چیمپئن شبیر اقبال 9 انڈر پار کیساتھ دوسرے اور پاکستان نیوی کے محمد عالم 8 انڈر پار کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے۔ چیمپئن شپ کی پُروقار اختتامی تقریب کراچی گالف کلب میں ہوئی جہاں چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے کامیاب گالفرز میں انعامات تقسیم کیے۔ ہول ان ون کرنے والے محمد قاسم کو دو کروڑ روپے مالیت کی گاڑی انعام میں دی گئی۔ احمد بیگ کو پروفیشنلز کیٹگرز کا ٹائٹل جیتنے پر ٹرافی و کیش پرائز دیا گیا۔ چیمپئن شپ میں پہلی بار متعارف کرائی جانے والی پرو ایم کیٹگرز کے فاتح ٹیم کو بھی انعامات دیے گئے۔ چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے تقریب کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک بحریہ کی سرپرستی میں گالف کے میگا ایونٹس کا تواتر کیساتھ انعقاد خوش آئند ہے۔

ویٹ لفٹنگ فیڈریشن چاہتی ہی نہیں تھی کہ میں اولمپکس کیلئے کوالیفائی کروں، نوح دستگیر بٹ



کراچی (این این آئی) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کیلئے سونے کا تمغہ جیتنے والے ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ کا کہنا ہے کہ پاکستان کی ویٹ لفٹنگ فیڈریشن چاہتی ہی نہیں تھی کہ میں اولمپکس کیلئے کوالیفائی کروں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے نوح دستگیر بٹ کا کہنا تھا کہ ویٹ لفٹنگ فیڈریشن ذاتی رنجش کی وجہ سے نہیں چاہتی تھی کہ میں اولمپکس کے لیے کوالیفائی کروں۔ نوح دستگیر بٹ نے شکوہ کیا کہ کامن ویلتھ گیمز جیتنے کے بعد انہیں سہولیات دی گئیں، اس سے پہلے کچھ نہیں ملا۔ کامن ویلتھ گیمز کے گولڈ میڈلسٹ کا کہنا تھا فیڈریشن والے میڈل جیتنے کے بعد کہتے تھے کہ انہیں کریڈیٹ دو جبکہ ساری محنت میرے والد کی تھی۔

نیوزی لینڈ کے اسکواڈ کا اعلان

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ نے افغانستان کے خلاف ٹیسٹ میچ کے لیے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ ٹیم کی قیادت ٹم ساؤتھی کریں گے جبکہ کین ولیمسن بھی ٹیم میں شامل ہیں۔ مائیکل بریسویل کی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے، ول اورورک اور ہین سیئرز ٹیسٹ سیریز کے لیے اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم افغانستان کے خلاف واحد ٹیسٹ میچ بھارت کے شہر نوئیڈا میں کھیلے گی، دونوں ٹیموں کے درمیان ٹیسٹ میچ 9 سے 13 ستمبر تک کھیلا جائے گا۔ نیوزی لینڈ ٹیم دو ٹیسٹ میچز کے لیے سری لنکا کا بھی دورہ کرے گی جہاں پر پہلا ٹیسٹ 18 اور دوسرا ٹیسٹ 26 ستمبر سے کھیلا جائے گا۔

قابل اعتراض ملبوسات کے باعث شاہ رخ کیساتھ فلم چھوڑی، روینہ ٹنڈن

فلم کے دکھائے گئے ملبوسات ایسے تھے جنہیں زیب تن کرنا میرے لیے بالکل بھی ٹھیک نہیں تھا

شاہ رخ ساتھی اداکاروں میں بہت ہی نرم مزاج ہیں، میں نے اُن کے ساتھ 4 فلمیں سائن کی تھیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ روینہ ٹنڈن نے شاہ رخ خان کے ساتھ فلم قابل اعتراض ملبوسات کے باعث مسترد کر دی تھی۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق روینہ ٹنڈن نے انکشاف کیا کہ انہوں نے شاہ رخ خان کے ساتھ فلم قابل اعتراض ملبوسات کے باعث چھوڑ دی تھی۔ اداکارہ نے دعویٰ کیا کہ مجھے یش چوپڑا نے فلم 'ڈر' میں کام کرنے کی بھی پیشکش کی تھی۔ روینہ ٹنڈن نے شاہ رخ کی تعریف کی اور کہا کہ وہ ساتھی اداکاروں میں بہت ہی نرم مزاج ہیں، میں نے اُن کے ساتھ 4 فلمیں سائن کی تھیں لیکن ان پر منصوبہ بندی کے مطابق کام نہیں ہوسکا۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ میں نے شاہ رخ خان کے ساتھ ایک فلم سائن کی جو مکمل نہیں ہوسکی، دراصل مجھے اس فلم کیلئے چنے گئے ملبوسات عجیب اور قابل اعتراض لگے، جس کے باعث میں نے وہ فلم چھوڑ دی تھی۔ انہوں نے دوران انٹرویو کہا کہ فلم کے دکھائے گئے ملبوسات ایسے تھے جنہیں زیب تن کرنا میرے لیے بالکل بھی ٹھیک نہیں تھا۔

ارشد ندیم کیلئے انعام کا اعلان کرنیوالے رقم دینے کے بعد رسید بھی دکھائیں، اداکار گوہر رشید کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی فلم و ڈرامہ انڈسٹری کے معروف اداکار گوہر رشید نے گولڈ میڈلیسٹ اولمپئین ارشد ندیم کے لیے انعامی رقم کا اعلان کرنے والوں سے اہم مطالبہ کر دیا۔ پیرس اولمپکس میں تاریخ رقم کرنے والے ارشد ندیم کے لیے حکومت پاکستان، صوبائی حکومتوں، اداکاروں سمیت کئی شخصیات نے انعامات دینے کا اعلان کیا ہے جبکہ اسپانسرز کی بڑی تعداد بھی اولمپئین کے ساتھ کام کرنے کی خواہاں ہے۔ کروڑوں کے انعامات کے اعلان کے بعد سوشل میڈیا پر یہ بحث چھڑ گئی کہ کیا یہ انعامات واقعی میں ارشد ندیم کو دیے جائیں گے یا پھر سب نے صرف خبروں کی حد تک ہی اعلان کیا ہے۔

فواد خان اور صنم سعید کی متنازع ویب سیریز 'برزخ' یوٹیوب سے ڈیلیٹ

کراچی (این این آئی) پاکستانی سپر اسٹار اداکار فواد خان اور صنم سعید کی متنازع بھارتی ویب سیریز 'برزخ' کو یوٹیوب سے ہٹا دیا گیا۔ پاکستانی ہدایتکار عاصم عباسی کی جانب سے بھارتی اسٹریمنگ ویب سائٹ زی فائیو کے لیے بنائی گئی ویب سیریز 'برزخ' کے پروڈیوسرز نے گزشتہ ہفتے سوشل میڈیا پر اعلان کیا تھا کہ 9 اگست کو 'برزخ' کو یوٹیوب سے ہٹا دیا جائے گا۔ بھارتی پروڈیوسرز نے زی زندگی کے یوٹیوب چینل سے 'برزخ' کی تمام چھ اقساط 9 اور 10 اگست کی درمیانی شب ڈیلیٹ کیں۔ 'برزخ' کی پہلی قسط 19 جولائی جبکہ آخری قسط 6 اگست کو زی زندگی کے یوٹیوب چینل پر ریلیز کی گئی تھی۔ سیریز کی تمام اقساط 19 جولائی سے 9 اگست تک زی زندگی کے یوٹیوب چینل پر موجود تھیں اور صارفین نے تقریباً تمام اقساط ہی دیکھ لی تھیں۔

بیٹے کے دوست میرے کام سے متعلق تذبذب کا شکار ہیں، ملائکہ اروڑا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ ملائکہ اروڑا نے کہا ہے کہ میرے بیٹے ارہان کے دوست میرے کام سے متعلق تذبذب کا شکار ہیں۔ حالیہ انٹرویو میں ملائکہ اروڑا نے بتایا کہ ارہان نے ایک دن مجھ سے پوچھا کہ 'میرے دوست تذبذب کا شکار ہیں، آپ کام کیا کرتی ہیں؟' انکا کہنا تھا کہ بیٹے نے مجھ سے کہا 'آپ زندگی گزارنے کیلئے ایک کام نہیں کرتی ہیں بلکہ آپ فیشن شوز میں حصہ لیتی ہیں، ریئلٹی شوز کرتی ہیں اور فلموں میں آئٹم سونگ بھی کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے میرے اکثر دوست آپ کے حقیقی پیشے سے متعلق ایک طرح کی الجھن کا شکار ہیں۔ سب کا شکریہ، میں آپ سب کی محبت اور پیار کا بیحد مشکور ہوں۔ کنگ خان نے کہا کہ سینما ہمارے دور کا سب سے گہرا اور بااثر فنکارانہ ذریعہ رہا ہے، مجھے کئی سالوں سے اس کا حصہ بننے کا اعزاز حاصل ہے اور میں نے اپنے اس سفر کے دوران بہت سے سبق سیکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینما اور آرٹ ایک ایسی دنیا ہے جہاں سیاست نہیں، نفرت نہیں، یہاں ہر فنکار آزاد ہے، فن کی کوئی سرحد نہیں، ہمارا تعلق چاہے کسی بھی ملک سے کیوں نہ ہوں، لوگ اپنے پسندیدہ فنکار کو پسند کرتے ہیں اور ایک قابل فنکار کو دنیا کے ہر ملک میں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

شاہ رخ خان کو بھری محفل میں انٹرنیشنل ایوارڈ کے نام کا تلفظ کرنے میں مشکل

برلن (این این آئی) بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان نے انٹرنیشنل لوکارنو فلم فیسٹیول میں اپنا پہلا پاردو ایلا کوریرا ایوارڈ وصول کر لیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شاہ رخ خان ان دنوں سوئٹزرلینڈ میں موجود ہیں جہاں انہوں نے 10 اگست کی شب انٹرنیشنل لوکارنو فلم فیسٹیول میں شرکت کی، سپر اسٹار کو سینما میں ان کی خدمات کے لیے پاردو ایلا کوریرا ایوارڈ سے نوازا گیا، اس ایوارڈ کو وصول کرتے ہوئے شاہ رخ نے اعتراف کیا کہ ان کے لیے ایوارڈ کے نام کا تلفظ کرنا مشکل تھا۔ شاہ رخ خان نے تقریب میں موجود شرکا سے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اس قدر وسیع پیمانے پر میرا استقبال کرنے کے لیے آپ سب کا شکریہ، میں سب کی محبت اور پیار کا بیحد مشکور ہوں۔ کنگ خان نے کہا کہ سینما ہمارے دور کا سب سے گہرا اور بااثر فنکارانہ ذریعہ رہا ہے، مجھے کئی سالوں سے اس کا حصہ بننے کا اعزاز حاصل ہے اور میں نے اپنے اس سفر کے دوران بہت سے سبق سیکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینما اور آرٹ ایک ایسی دنیا ہے جہاں سیاست نہیں، نفرت نہیں، یہاں ہر فنکار آزاد ہے، فن کی کوئی سرحد نہیں، ہمارا تعلق چاہے کسی بھی ملک سے کیوں نہ ہوں، لوگ اپنے پسندیدہ فنکار کو پسند کرتے ہیں اور ایک قابل فنکار کو دنیا کے ہر ملک میں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

عامر خان کا فلموں میں نئے ٹیلنٹ کو موقع دینے کا فیصلہ

میں ایسی کہانیاں لانا چاہتا ہوں جو میرے دل کو چھوئیں، میں تمام فلموں میں کام نہیں کرسکوں گا، بالی وڈ سپر اسٹار

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار عامر خان نے فلموں میں نئے ٹیلنٹ کو موقع دینے کا فیصلہ کر لیا۔ عامر خان نے فلم 'لاپتہ لیڈیز' کو پروڈیوس کرنے سے متعلق بتایا کہ انہوں نے یہ فیصلہ ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کیلئے مواقع پیدا کرنے کیلئے کیا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اب مجھے احساس ہو گیا ہے کہ اب میں ہر کہانی میں کام نہیں کرسکتا۔ کرن راؤ کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم 'لاپتہ لیڈیز' کی سپریم کورٹ میں جج، ان کے خاندانوں اور اہلکاروں کیلئے اسکریننگ کی گئی۔ اس دوران پریس کانفرنس کرتے ہوئے عامر خان نے بتایا کہ کورونا وائرس کی وبا کے دنوں میں ان کے پاس اپنے کیریئر کے بارے میں غور و فکر کرنے کا کافی وقت تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت میری عمر 56 سال تھی اور میں نے سوچا کہ شاید میرے پاس کام کرنے کیلئے مزید 15 سال ہوں گے اور میں 70 سال کی عمر تک کام کرتا رہوں گا مگر اس کے بعد کیا ہوگا؟ عامر خان نے مزید کہا کہ جب میں نے اس بارے میں سوچا تو میں نے ارادہ کیا کہ جو کچھ گزشتہ برسوں کے دوران میں نے سیکھا ہے اسے آنے والے نئے ٹیلنٹ کو منتقل کروں، اسی لیے میں نے فلم پروڈیوس کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں ایسی کہانیاں لانا چاہتا ہوں جو میرے دل کو چھوئیں، میں تمام فلموں میں کام نہیں کرسکوں گا، لیکن میں انہیں پروڈیوس کرسکتا ہوں۔

میری اور میرے شوہر امان کی عمر میں 13 سال کا فرق ہے، اداکارہ مریم نفیس

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مریم نفیس نے اپنی اور شوہر کی عمر کے درمیان فرق بتا دیا۔ اداکارہ مریم نفیس حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے کیریئر اور نجی زندگی سمیت مختلف موضوعات پر کھل کر گفتگو کی۔ شادی سے متعلق بات کرتے ہوئے مریم نفیس نے کہا کہ آج تک خاندان میں مجھے کسی نے نہیں کہا تھا کہ جلدی جلدی شادی کرو، اسی لیے میں نے 30 سال کی عمر میں شادی کی تھی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ میری اور شوہر امان کی عمر میں 13 سال کا فرق ہے، میں اپنے شوہر سے زیادہ سنجیدہ ہوں اور یہ بات اکثر شوہر بھی کہتے ہیں۔ مریم نفیس نے مزید کہا کہ میں اپنے شوہر کو بچوں کی طرح پال رہی ہوں اور ان کی دیکھ بھال کرتی ہوں، میں نے عمر کے اتنے بڑے فرق کو کبھی محسوس نہیں کیا۔

سال کے بڑے ڈرامہ سیریل 'عشق ہوا' کا تو اوار کو جیو ٹی وی سے آغاز ہوگا

عشق کی اس داستان نے اپنے ایکشن، جنون اور دیوانگی سے سب کو سحر زدہ کر دیا

نوراں مخدوم کے قلم سے لکھی گئی داستان پر عکس بند کیا گیا ڈرامہ جلد پردہ سکرین پر ہوگا



کراچی (این این آئی) انٹرٹینمنٹ کی دنیا میں تہلکہ مچانے والے ''سیونتھ اسکائی انٹرٹینمنٹ'' کی نئے ڈرامہ سیریل ''عشق ہوا'' کا آغاز اتوار کو ''جیو ٹی وی'' سے ہوگا۔ نوراں مخدوم کے قلم سے لکھی گئی عشق کی اس داستان نے اپنے ایکشن، جنون اور دیوانگی سے سب کو سحر زدہ کر دیا ہے۔ ہارون کادوانی اور کومل میر کی جوڑی کے منتظر شائقین کو سید وجاہت حسین کی ہدایات میں ایک آگ کے دریا کو پار کرنا ہے۔ دلکش عکس بندی کے ساتھ سہیل سمیر، سحر ہاشمی، فضیلہ قاضی، رمیز صدیقی، شہزاد مختار، سلیم معراج اور ساتھی فنکاروں کی جاندار اداکاری تبریز اور منشی کا قدم قدم پر امتحان لینے والے ہیں۔ وجیہہ فاروقی نے اپنے لکھے گئے گیت کو اپنی آواز اور ترون کے ہمراہ سحر انگیز کمپوزیشن کے ساتھ سیریل کے او ایس ٹی کی صورت ہر محبت کرنے والے کے دل کے تار چھیڑ دیے ہیں۔ ایک جرائم پیشہ گروہ کے سرغنہ کے ساتھ، جب ٹکرائے گا تبریز کے عشق کا جنون تو ایسے میں پروڈیوسرز عبداللہ کادوانی اور اسد قریشی، منشی جیسی معصوم لڑکی کے خوابوں کو ٹوٹ کر بکھرنے سے کیسے بچائیں گے؟ یہ سارا احوال ناظرین اس سیریل کی دل چھو لینے والی کہانی میں دیکھیں گے۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ممتاز عالم دین حافظ محمد قسیم شیخوپوری نے اداب ٹورز اینڈ ٹریولز کا افتتاح کر دیا

صدر پریس کلب رانا محمد عثمان، مدنی دسترخوان پروگرام کے چیف آرگنائزر حاجی محمد نواز، پیپلز پارٹی کے سابق ضلعی صدر محمد آصف خان و دیگر کی شرکت



شیخوپورہ: ممتاز عالم دین حافظ محمد قسیم، حاجی محمد نواز، رانا محمد عثمان، محمد آصف خان و دیگر اداب ٹورز اینڈ ٹریولز کا افتتاح کر رہے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اداب ٹورز اینڈ ٹریولز کا افتتاح ممتاز عالم دین حافظ محمد قسیم شیخوپوری نے کر دیا افتتاحی تقریب میں صدر پریس کلب رانا محمد عثمان، مدنی دسترخوان پروگرام کے چیف آرگنائزر حاجی محمد نواز، پیپلز پارٹی کے سابق ضلعی صدر محمد آصف خان، حاجی میاں محمد الیاس، رانا محمد اکرم، مہر شاہد، حافظ مبشر صدیق، عبداللہ معراج و دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے حافظ محمد قسیم شیخوپوری نے کہا کہ رزق حلال کمانے والے مسلمان کو اللہ تعالیٰ نے اپنا دوست بیان فرمایا ہے اور اس کے رزق میں برکت کی بشارت دی گئی ہے آج ہماری معیشت و معاشرت اسلامی تعلیمات سے دوری کے باعث زبوں حالی و مشکلات کا شکار ہے مسلمان اپنی عظمت رفتہ کی بحالی اور معاشی و معاشرتی سطح پر بہتری چاہتے ہیں تو انہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی تعلیمات وفرمودات کی طرف لوٹنا ہوگا یہی ہماری دنیاوی اور اخروی زندگی کی کامیابی کی ضمانت ہے، رزق حلال کے حصول کے اسلام نے واضح تعلیمات ارشاد فرمائی ہیں تاجر کو قول وفعل میں تضاد سے بچنا چاہئے اور خریدار سے کئے گئے عہد کی پاسداری یقینی بنانی چاہئے مسلمانوں کو مربوط لائحہ عمل میسر ہے جس پر عملدرآمد کی ضرورت ہے دیگر کوئی نظام یا ازم ہمارے مسائل کا حل ممکن نہیں بنا سکتا، آخر میں انہوں نے اداب ٹورز اینڈ ٹریولز کی کامیابی اور امت مسلمہ کے اتحاد وخوشحالی کی خصوصی دعا کی۔

24 سال قبل معرض وجود میں آنیوالا

زکریا گروپ آف سکولز اینڈ کالجز عارفوالا



عارفوالا (نمائندہ قوت امتیاز احمد چوہدری) محترم سر محمد اصغر صاحب ڈائریکٹر محمد سلیم چیرمین مثالی زکریا گروپ آف سکولز اینڈ کالجز عارفوالا محمد نعیم ڈائریکٹر مثالی زکریا گرلز سکول، کالج اینڈ یونیورسٹی کیمپس آج سے 24 سال قبل 23 مارچ 2000 میں آپ عارفوالا کی مردم خیز زمین پر تشریف لائے اور مثالی زکریا سائنس سیکنڈری سکول عارفوالا کے نام سے ایک منفرد تعلیمی ادارے کی بنیاد رکھی۔ اس عزم کے ساتھ کہ عارفوالا اور گردونواح کی عوام کی تعلیمی تشنگی کو دور کیا جا سکے۔ موج حوادث، ہواوں کے تھپیڑے آپکے اس عزم کی راہ کی رکاوٹ نہ بن سکے۔ علم کا یہ قافلہ ہر قسم کی رکاوٹ کے باوجود رواں دواں رہا اور آج آسمان علم پر مثالی زکریا گروپ آف سکولز اینڈ کالجز کا نام ایک درخشندہ ستارے کی صورت میں اپنی ضیاء پاشیوں سے ایک عالم کو منور وتاباں کر رہا ہے۔ اصغر صاحب کی تعلیمی خدمات کو کسی صورت بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ آج اس ادارے کے تعلیم یافتہ طلباء ڈاکٹر، پروفیسر، انجینیر، بزنس مین اور آرمی آفیسر کی حیثیت سے ملک وقوم کی خدمات میں ہمہ تن مصروف ہو کر ادارے کا نام روشن کر رہے ہیں۔ محترم اصغر صاحب نہایت خوش اخلاق، نرم مزاج اور اپنے ماتحتوں کے لئے شفیق باپ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ضلع بھر کے تعلیمی حلقوں میں آپ کو نہایت ہی عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اللہ آپ کے علم وعمل میں مزید برکات عطا فرمائے۔

الصفہ ویلفیئر مرکز فاردی بلائینڈ کے زیر اہتمام جشن آزادی کی تقریب کا انعقاد

نابینہ طلبہ نے تقریر اور ملی نغمے پیش کر کے پاکستان سے بھرپور محبت کا اظہار کیا، سعید احمد تاج، میڈم نازیہ اصغر، ثاقب آفاق



گوجرانوالہ: سابق صدر چیمبر سعید احمد تاج، چیئرمین ادارہ عدنان محمود، عبدالرحیم، ثاقب آفاق، ارشد علی مغل، میڈم نازیہ اصغر، سروت نسرین و دیگر الصفہ ویلفیئر مرکز فاردی بلائینڈ کے زیر اہتمام جشن آزادی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) الصفہ ویلفیئر مرکز فاردی بلائینڈ کے زیر اہتمام جشن آزادی کی تقریب کا انعقاد، نابینہ طلبہ و طالبات نے شاندار انداز میں تقریر اور ملی نغمے پیش کر کے پاکستان سے اپنی بھرپور محبت کا اظہار کیا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق صدر چیمبر سعید احمد تاج، چیئرمین ادارہ عدنان محمود، ڈائریکٹر عبدالرحیم، مہمان گرامی ثاقب آفاق، منیجر ادارہ ارشد علی مغل، مہمان گرامی میڈم نازیہ اصغر برائٹ مائنڈ سائنس اکیڈمی، چیئرپرسن ادارہ میڈم سروت نسرین نے کہا کہ سپیشل پرسن کا اپنے وطن عزیز سے محبت کا جوش جذبہ دیکھ کر دلی خوشی ہوئی، جشن آزادی کی خوشیوں میں ایسے افراد کو ضرور شامل کرنا چاہیے، جو آنکھوں سے تو محروم ہیں لیکن ان کے دل میں حب وطنی کا جذبہ عام لوگوں سے کہیں زیادہ ہے، الصفہ ویلفیئر مرکز فاردی بلائینڈ ملک بھر سے تعلیم وہنر مند بننے کیلئے آئے نابینہ طلباء وطالبات کو محدود وسائل کے باوجود کھانا، رہائش اور بہترین تعلیمی وفنی سہولیات فراہم کر رہا ہے، مخیر حضرات بڑھ چڑھ کر اس ادارہ کا ساتھ دینا چاہیے تاکہ یہ بچے بھی اپنی تعلیم مکمل کر کے پاکستان کی ترقی وخوشحالی اپنا فعال کردار ادا کر سکیں، جشن آزادی تقریب میں نابینہ طلباء کی دو ٹیموں میں جنرل نالج اور ہسٹری آف پاکستان کے مقابلے بھی کروائے گئے، جن میں کامیاب ہونے والے طلبہ کو انعامات سے بھی نوازا گیا، اس موقع پر الصفہ ویلفیئر مرکز فاردی بلائینڈ کے زیر اہتمام شارٹ کورسز مکمل کرنے والے طلبہ میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔

تاجران نے ایف بی آئی جانب سے متعارف کروائی گئی تاجر دوست سکیم کو تاجر دشمن قرار دیدیا

عوام خودکشیوں پر مجبور ہیں، فیسیں نہ ادا کرنے کیوجہ سے ہزاروں بچے تعلیم سے محروم ہیں، شیخ امجد کی تاجروں کے ہمراہ پریس کانفرنس



حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تاجران نے ایف بی آر کی جانب سے متعارف کروائی گئی تاجر دوست سکیم کو تاجر دشمن اور تاجر کریش سکیم قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے۔ بجلی کے بلوں میں ظالمانہ ٹیکس اور بے تحاشہ مہنگائی کے موجودہ دور میں تاجر برادری اور سفید پوش آدمی پس کر رہ گیا ہے۔ عوام خودکشیوں پر مجبور ہیں۔ فیسیں نہ ادا کرنے کی وجہ سے ہزاروں بچے سکولوں سے تعلیم سے محروم ہو کر گلیوں میں آوارہ پھر رہے ہیں۔ تاجر ذمہ دار شہری ہیں اور گوشواروں میں جائز ٹیکس حکومت کو ادا کر رہے ہیں۔ ضلع حافظ آباد کی تمام تاجر برادری اس تاجر دشمن سکیم کو متفقہ طور پر مسترد کرتی ہے ان خیالات کا اظہار مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ حافظ آباد کے صدر شیخ محمد امجد نے تمام مارکیٹوں کے صدور اور نمائندوں کے ساتھ مکلر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیئرمین حافظ امانت، جنرل سیکرٹری ملک یاسر نور، سینئر نائب صدر حاجی رفیق مغل، ترجمان قاضی شاہد کگو کے علاوہ تمام مارکیٹوں، بازاروں، پلازوں کے صدر، بھی موجود تھے۔ شیخ امجد نے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ تاجر ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں مگر کچھ عناصر حکومت کو غلط مشورے دیکر اس ہڈی کو توڑ کر ملک کو مفلوج کرنا چاہتے ہیں۔ بند کمروں میں کئے گئے فیصلوں کو تاجر نہیں مانتے، کوئی بھی تاجر ٹیکس دینے سے انکاری نہیں۔ بجلی کے بلوں میں درجن بھر سے زائد ٹیکس کے بعد اب ایڈوانس انکم ٹیکس دینے کو کوئی تاجر تیار نہیں۔ کون دکاندار ہے جو 10 ہزار روپے سے 30 ہزار روپے ماہوار ٹیکس دے۔ تاجر برادری متفقہ طور پر حکومت وقت سے بھرپور مطالبہ کرتی ہے کہ ایف بی آر کی طرف دی گئی تاجر دشمن سکیم کو فوری ختم کیا جائے، تاجروں کو دکانیں سیل کرنے اور گرفتاریوں سے خوف زدہ نہ کیا جائے تاجر برادری پورا حق رکھتی ہے کہ وہ اپنے حقوق کیلئے میدان عمل میں نکلے تاجر برادری اس سکیم کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی اور شٹر ڈاؤن کرنے پر مجبور ہوگی۔

خوردنی تیل کی درآمدات میں گزشتہ مالی سال کے دوران سالانہ بنیادوں پر کمی

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں خوردنی تیل کی درآمدات میں گزشتہ مالی سال کے دوران سالانہ بنیادوں پر نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک اور پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2024 میں سویابین آئل کی درآمدات پر 33.112 ملین ڈالر زرمبادلہ خرچ ہوا جو مالی سال 2023 کے مقابلہ میں 171 فیصد کم ہے، مالی سال 2023 میں سویابین آئل کی درآمدات پر 42.304 ملین ڈالر کا زرمبادلہ خرچ ہوا تھا، جون میں سویابین آئل کی درآمدات کا حجم 879.1 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا

پریس کلب فیصل آباد: ارشد ندیم کو اعزازی ممبر شپ دینے اعلان

ارشد ندیم نے محنت، عزم اور کھیل کی مہارت سے گولڈ میڈل جیت کر سر فخر سے بلند کیا، شاہد علی، عبدالرحمن، میاں کاشف

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پریس کلب کی جانب سے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کو اعزازی ممبر شپ دینے کا اعلان، گروپ لیڈر شاہد علی کی ہدایت پر صدر عبدالرحمن اور سیکرٹری میاں کاشف فرید نے دیگر عہدیداران سے مشاورت کے بعد اعلان کیا فیصل آباد پریس کلب نے پریس اولمپکس نے گولڈ میڈل جیتنے والے قومی ہیرو ارشد ندیم کو اعزازی ممبر شپ دینے کا اعلان کیا ہے اس موقع پر گروپ لیڈر شاہد نے علی کہا کہ ارشد ندیم نے اپنی محنت، عزم اور کھیل کی مہارت کے ذریعے پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل حاصل کر کے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، صدر عبدالرحمن کا کہنا تھا کہ ارشد ندیم کی عالمی سطح پر کامیابی ہمارے ملک کی کھیلوں کی تاریخ میں ایک یادگار لمحہ ہے، سیکرٹری میاں کاشف فرید نے کہا کہ ارشد ندیم کی محنت اور کامیابی کو تسلیم کرنا ہماری ذمہ داری ہے فیصل آباد پریس کلب جانب سے اس فیصلے کے ذریعے ارشد ندیم کی کامیابی کا اعتراف ہے کہ انہوں نے انتہائی نامساعد حالات میں اپنی محنت، لگن اور اللہ کی رحمت سے وطن عزیز کا نام روشن کیا

ٹریفک سٹاف محنت اور دیانتداری سے فرائض انجام دے رہا ہے، فرحان اسلم

کسی ٹریفک اہلکار کو کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں



فیصل آباد: (میاں محمد ساجد) ٹریفک سٹاف محنت اور دیانتداری سے اپنے فرائض منصبی سر انجام دے۔ محکمہ کسی بھی قسم کی کرپشن پر" زیرو ٹالرنس پالیسی" پر عمل پیرا ہے۔ فورس کی فلاح کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے کسی ٹریفک اہلکار کو کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں"۔ ان خیالات کا اظہار چیف ٹریفک آفیسر فرحان اسلم نے" ٹریفک جنرل میٹنگ" سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس میٹنگ میں ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز خالد علیم، ڈی ایس پی ٹریفک صدر محمد اعجاز شاہ، ڈی ایس پی سٹی سعد سعود صفدر واہلہ اور ڈی ایس پی ٹریفک سول لائنز محمد نواز کمو کے علاوہ سینیر ٹریفک وارڈنز، ٹریفک وارڈنز، لیڈی ٹریفک وارڈنز کے علاوہ ٹریفک اسٹنٹس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر نے مزید کہا کہ" ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ اور سٹی پولیس آفیسر ڈی آئی جی، کامران عادل کے ویژن کے مطابق ٹریفک بہاو کو یقینی بنانے کے علاوہ شہریوں کی سڑکوں پر خدمت میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی جائے"۔

ڈپٹی کمشنر رانا موسیٰ طاہر کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ اے فار اسٹیشن کمیٹی کا اجلاس

ضلع قصور میں مون سون شجر کاری مہم کے تحت 2 لاکھ پودے لگائے جائینگے، 70 ہزار پودے 14 اگست کو لگائینگے

قصور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر رانا موسیٰ طاہر کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ اے فار اسٹیشن کمیٹی کا اجلاس، ضلع قصور میں مون سون شجر کاری مہم کے تحت 2 لاکھ پودے لگائے جائینگے، 14 اگست کو 70 ہزار پودے لگا کر یوم آزادی کو جوش وجذبے کیساتھ منایا جائیگا، تمام محکموں کو پودے لگانے کا ٹارگٹ سونپ دیا گیا، ڈپٹی کمشنر قصور رانا موسیٰ طاہر، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر آغا سین شاہ، ڈسٹرکٹ آفیسر عشر وزکوٰۃ اشفاق خاں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد اکبر رضا، ڈی او سول ڈیفنس سیف اللہ، ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک، پولیس، انہار، لوکل گورنمنٹ، چیف آفیسر زمیونسپل کمیٹیز، چیف آفیسر ضلع کونسل و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر قصور عطیہ عنایت مدنی، چونیاں طلحہ انور، پتوکی رانا امجد محمود اور کوٹ رادھا کشن ڈاکٹر محمد انس سعید ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ پنجاب حکومت کیطرف سے دیئے گئے ٹارگٹ کے مطابق ضلع قصور میں مون سون شجر کاری مہم کے تحت 2 لاکھ پودے لگائے جائینگے۔ جبکہ 14 اگست کو 70 ہزار پودے لگا کر یوم آزادی کو جوش وجذبے کیساتھ منایا جائیگا۔ یوم آزادی کے موقع پر چھانگا مانگا جنگل میں 15 ہزار پودے لگائے جائینگے۔ تمام محکموں کو پودے لگانے کا ٹارگٹ سونپ دیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم 97 ہزار، ہیلتھ 5 ہزار، جنگلات 20 ہزار، پولیس 2 ہزار، انہار ایک ہزار، سوشل ویلفیئر 200 لوکل گورنمنٹ 5 ہزار، کالجز 4 ہزار پودے لگائینگے۔ یہ محکمے اپنے دفاتر، سکولز، کالجز، پارکس، ہسپتالوں، سڑکات کیساتھ، نہروں کیساتھ، بلڈنگز کیساتھ، لان، گراؤنڈز سمیت دیگر جگہوں پر بھرپور طریقے سے شجر کاری کرینگے۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

تھانہ سٹی فاروق آباد: ایس ایچ او کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، منشیات فروش گرفتار

تویر عرف عتیق جو کہ سیکیورٹی گارڈ کی وردی پہنے ریلوے اسٹیشن کے قریب سے ناکہ بندی کے دوران گرفتار کر لیا گیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے منشیات سے پاک پنجاب ویژن پر عمل کرتے ہوئے ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کے خصوصی حکم پر تھانہ سٹی فاروق آباد کے ایس ایچ او سب انسپکٹر واجد عباس اور اسکی ٹیم نے پیشہ ٹاسک پر منشیات فروش تویر عرف عتیق ولد عبدالطیف سکنہ سیالکوٹ کو 10 کلو منشیات سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر دیا تفصیلات کے مطابق منشیات فروش تویر عرف عتیق جو کہ سیکیورٹی گارڈ کی وردی پہنے ہوئے تھے کو بائی پاس بالمقابل ریلوے اسٹیشن کے قریب خاص مخبر کی اطلاع پر ایس ایچ او واجد عباس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ناکہ بندی کر کے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات کی بھاری مقدار سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا یہ منشیات فروش موٹر سائیکل پر منشیات فاروق آباد کے مختلف علاقوں میں سپلائی کرتا تھا۔

حافظ آباد: نشئی خاوند سالوں اور بیوی کے ہاتھوں قتل، مقدمہ درج

اسرار نشئی تھا گزشتہ روز اسکی بیوی اور سالوں قاری اختر/افضل نے تشدد کیا، والد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں بیوی نے اپنے بھائیوں کے ساتھ مل کر نشئی خاوند کو ڈنڈے سوٹوں سے تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے قتل کر دیا جس پر پولیس نے بیوی شکیلہ بی بی سمیت سات ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ مقتول کے والد محمد مبارک سکنہ چک چٹھہ نے تھانہ صدر میں ایف آئی آر درج کرواتے ہوئے الزام عائد کیا کہ اسکا بیٹا اسرار نشئی تھا جس کا اپنی بیوی کے ساتھ اکثر جھگڑا رہتا تھا۔ گزشتہ روز اسکی بیوی نے اپنے دو بھائیوں قاری اختر اور افضل کو گھر بلایا جہاں انہوں نے اسرار کو ڈنڈے سوٹوں سے تشدد کا نشانہ بنایا جس سے وہ جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے سات ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

تھانہ ظفروال کی بڑی کاروائی منشیات فروش گرفتار

پولیس نے منشیات فروش سے 1 کلو 440 گرام چرس برآمد کرلی، مقدمہ درج

ظفروال (کھسیل رپورٹر) تفصیلات کے مطابق ظفروال پولیس نے ڈی ایس پی ناصر پنوں ایس ایچ او تھانہ ظفروال حافظ عاصم کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ملزم ذاکر حسین ولد محمد عالم سکنہ راجیاں سے 1 کلو 440 گرام چرس موقع پر قبضہ میں لیکر ملزم کو گرفتار کر لیا اور ضابطہ کے مطابق ایف آئی آر درج کر کے معطل کاروائی کا آغاز کر دیا ملزم کو پکڑنے میں اے ایس آئی محمد عقیل معہ ملازمین نے بھرپور کردار ادا کیا میڈیا نمائندگان سے بات کرتے ہوئے محمد عقیل اے ایس آئی تھانہ ظفروال نے کہا کہ ہم اپنے آفیسران بالا کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے علاقہ سے منشیات فروشوں کا قلع قمع کر دیں گے



تھانہ گنڈا سنگھ: بدبخت بیٹوں کا جائیداد کی خاطر باپ پر تشدد، گھر پر قبضہ کر لیا

بوڑھے باپ نے بدبخت بیٹوں کیخلاف ڈی پی او قصور کو درخواست دی مگر کوئی شنوائی نہ ہو سکی

قصور تھانہ گنڈا سنگھ کی حدود میں بدبخت بیٹوں کا جائیداد کی خاطر باپ پر تشدد گھر پر قبضہ کر کے سامان باہر پھینک دیا گھر داخل ہونے پر جان سے مارنے کی دھمکیاں بوڑھے باپ نے بدبخت بیٹوں کے خلاف ڈی پی او قصور کو درخواست بھی دی مگر کوئی شنوائی نہ ہو سکی ضعیف العمر باپ نے آئی جی پنجاب سے مدد کی اپیل کر دی۔ قصور کے نواحی سرحدی گاؤں سجرہ کے رہائشی محمد بوٹا نے ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں کو درخواست دی کہ اس کے چار بیٹے ہیں وراثت میں جو حصہ ان کا بنتا تھا وہ بھی دے دیا گیا ایک مکان جس میں خود رہائش پذیر ہوں میرے دونوں بیٹوں کرامت اور رحمت نے مکان دینے کا کہا انکار پر مجھ پر تشدد کرتے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتے ہیں گزشتہ روز میرا سامان گھر کے باہر پھینک دیا اور دوبارا مکان میں داخل ہونے پر قتل کرنے کی دھمکی دی ڈی پی او قصور کو درخواست دینے کے باوجود تھانہ گنڈا سنگھ پولیس بھی میری بات نہیں سن رہی بوڑھے باپ کا کہنا ہے کہ میرے دونوں بیٹے مجھے قتل کر دے گے ضعیف العمر باپ نے ائی جی پنجاب سے مدد کی اپیل کرتے ہوئے انصاف کا مطالبہ کیا ہے جبکہ پولیس ترجمان کے مطابق اس معاملے کا باریک بینی سے جائزہ لیا جارہا ہے ملزمان کے خلاف جرم ثابت ہونے پر میرٹ پر کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

تھانہ صدر کی حدود میں ڈاکو راج: رات کی تاریکی میں شہری لٹنے لگے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر کی حدود میں ڈاکو راج، ڈاکوؤں نے رات کی تاریکی میں شہریوں کو گن پوائنٹ پر لوٹ لیا، واردات کے بعد آسانی سے فرار مقدمہ جات درج تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتیں عروج پر پہنچ گئی ہیں آئے دن ڈاکوؤں کے ہاتھوں عوام لٹنے پر مجبور ہو چکی ہے زیادہ تر ڈاکو کھلے عام اہم شاہراہوں پر دن رات وارداتیں کرنے میں مصروف ہیں جبکہ پولیس ایسے تجربہ کار ڈاکوؤں کو پکڑنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے۔ گزشتہ رات 8/9 بجے ڈاکٹر عادل خان اور ڈاکٹر زین لیاقت ڈی ایچ کیو سے ڈیوٹی کے بعد اپنی گاڑی پر لاہور جا رہے تھے کہ پاک روحانی ہوٹل کے قریب 3 ڈاکوؤں نے آتشیں اسلحہ کے زور پر زبردستی روک لیا اور ان سے نقدی رقم 55 ہزار روپے، ایچ پی لیپ ٹاپ، قیمتی گھڑی، موبائل فون، ATM کارڈ اور دیگر ضروری کاغذات لے کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات میں احمد شیراز ایڈووکیٹ اپنے دوست محمد شعیب کے ہمراہ کھانا کھا کر واپس آرہے تھے کہ اڈہ کسان کے نزدیک 4 ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روک کر نقدی رقم 41000 روپے، 2 عدد موبائل فون، قیمتی کارڈز اور ڈرائیونگ لائسنس وغیرہ چھین کر فرار ہو گئے 15 پر کال کرنے پر پولیس 1 گھنٹے بعد جائے وقوعہ پر پہنچی۔

اوکاڑہ: پولیس نے دو موٹر سائیکل چور گرفتار کر لئے موٹر سائیکلیں، ٹرانسفارمر، مال مسروقہ برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے 2 موٹر سائیکل چور گرفتار کر لئے ملزمان 22 مسروقہ موٹر سائیکلیں اور ٹرانسفارمر برامد کرلیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ پولیس تھانہ حویلی لکھا کے ایس ایچ او اعجاز احمد نے تعینات ہوتے ہی جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائی شروع کر رکھی ہے۔ گزشتہ روز ایس ایچ او اعجاز نے پولیس نفری کے ہمراہ 2 مٹر سائیکل چور گرفتار کیے جن کے قبضے سے 22 لاکھ روپے مالیت کی 22 موٹر سائیکلیں اور ایک ٹرانسفارمر برامد کرلیا۔

تحصیل میں جرائم کا خاتمہ اور امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے، چوہدری صہیب ظفر

امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے وہ خود شہر سمیت گردونواح کا معمول کے مطابق وزٹ کرینگے، میڈیا سے گفتگو



چوآیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) جرائم پیشہ افراد کسی بھی رعائیت کے مستحق نہیں تحصیل میں جرائم کا خاتمہ اور امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے جس کیلئے مستقل بنیادوں پر تحصیل بھر کے داخلی راستوں پر ناکہ بندی کر کے رات گئے آنے والی گاڑیوں اور افراد کی مکمل چیکنگ کے احکامات جاری کر دیئے ہیں، ان خیالات کا اظہار نو تعینات ایس ایچ او تھانہ چوآیدن شاہ چوہدری صہیب ظفر نے روزنامہ قوت اخبار کے بیورو چیف محمد ایوب سلطانی سے خصوصی گفتگو میں ان کا مزید کہنا تھا کہ امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے وہ خود شہر سمیت گردونواح کا معمول کے مطابق وزٹ کرینگے اور مقامی لوگوں سے ملاقاتیں کر کے ان کے امن و امان کے متعلق مسائل پر عملی اقدامات بھی اٹھائینگے، ایس ایچ او تھانہ چوآیدن شاہ نے کہا کہ سائلین کیلئے تھانہ چوآیدن شاہ کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں وہ کسی بھی وقت اپنی شکایات درج کروانے تھانے آسکتے ہیں جس کیلئے تھانہ میں موجود عملہ ان کیساتھ مکمل تعاون کریگا، انہوں نے کہا کہ عوام جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس کیساتھ مکمل تعاون کریں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ کسی بھی جرائم پیشہ افراد کے خلاف اطلاع دینے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائیگا، چوہدری صہیب ظفر نے کہا کہ تھانہ میں موجود کوئی بھی اہلکار اگر کسی سائل کو بلاوجہ انتظار کروائے تو وہ بلاجھجک مجھے شکایت کریں اس اہلکار کیخلاف بھی محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی،

تھانہ سٹی کے محرر نے سائلین سے ناروا رویہ اپنانا وطیرہ بنالیا

وزیرآباد (نامہ نگار) تھانہ سٹی کے محرر نے سائلین سے ناروا رویہ اپنانا وطیرہ بنالیا، سائلین سے بد اخلاق سے پیش آنا معمول بنا رکھا ہے۔ تھانہ سٹی وزیرآباد کے محرر رفاقت نے تھانہ سٹی میں آنیوالے سائلین سے بدتمیزی کرنا اور اخلاق سے عاری رویہ اپنا کرانا کوتھیس پہنچانا معمول بنا رکھا ہے آنے والے سائلین کی سنی ان سنی کرتے ہوئے کمرہ سے باہر نکال دیتا ہے، آئی جی پنجاب کی ہدایت سائلین سے پیار سے پیش آئیں دھجیاں اڑا کر رکھ دی ہیں۔ سائلین نے وزیراعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب، آر پی او ہی پی او گوجرانوالہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے بد اخلاق ملازم کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لاتے ہوئے فرض شناس، خوش اخلاق تھانہ محرر تعینات کیا جائے۔

قصور: کھڑے کنٹینر سے ڈالہ ٹکرا گیا، ایک شخص جاں بحق

قصور (بیورو رپورٹ) قصور کے نواح مصطفی آباد میں کھڑے کنٹینر میں ایک تیز رفتار ڈالہ جا ٹکرایا، ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو عملے نے ہسپتال منتقل کر دیا۔ قصور کے نواحی علاقے مصطفی آباد میں وڈانہ سٹاپ کے قریب ایک کنٹینر ٹائر پنکچر کی وجہ سے کھڑا تھا کہ اسی دوران ایک نجی ڈالہ نمبری LZY/1381 تیز رفتاری کے باعث اس میں جا ٹکرایا جس کے نتیجہ میں 35 سالہ آصف شدید زخمی ہوگیا، ریسکیو عملے نے سیریس حالت میں ہسپتال منتقل کرنے کے لیے گاڑی میں ڈالہ مگر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ پولیس تھانہ مصطفی آباد مصروف کاروائی ہے۔

مستحق قیدیوں کی مفت قانونی معاونت: سپرنٹنڈنٹ جیل کی زیر صدارت اجلاس

صدر بار عمر خضر ہنجراء، کوآرڈینیٹر پی ایم صفدر ایڈووکیٹ وکمیٹی اراکین کی شرکت

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سپرنٹنڈنٹ جیل حافظ آباد فرخ رشید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ جیل میں قید غریب، نادار اور مستحق قیدیوں کو مفت قانونی معاونت فراہم کرنے کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ لیگل ایڈ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں صدر بار عمر خضر ہنجراء، کوآرڈینیٹر پی ایم صفدر ایڈووکیٹ سمیت کمیٹی کے دیگر اراکین وکلاء قمر سلیم گجر، اختیاز منیر، ملک عثمان علی، مزمل حسین پھلروان اور شبنم فیصل ایڈووکیٹ نے شرکت کی۔ سپرنٹنڈنٹ جیل فرخ رشید کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب اور آئی جی جیل خانہ جات کے احکامات کی روشنی میں غریب اور مستحق قیدیوں کو مفت قانونی مدد فراہم کرنے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے اور ڈسٹرکٹ جیل حافظ آباد میں قید 23 غریب اور مستحق قیدیوں کو مفت قانونی مدد فراہم کرنے کے لیے انکے نام ڈسٹرکٹ لیگل ایڈ کمیٹی کو پیش کیے گئے ہیں تاکہ ان اسیران وقیدیوں کے مقدمات کی بروقت پیروی ہو سکے۔

پاکستان کی عزت اور توقیر ہر لحاظ سے مقدم ہونی چاہیے، حاجی امتیاز اظہر باگڑی

اوورسیز پاکستانی ملک کا سرمایہ اور ملت کا فخر ہیں، عشائیے سے خطاب



وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان کی عزت اور توقیر ہر لحاظ سے مقدم ہونی چاہیے اوورسیز پاکستانی ملک کا سرمایہ اور ملت کا فخر ہیں وزیرآباد کے تارکین وطن جو انگلینڈ میں مقیم ہیں ان کی طرف سے پرتپاک استقبال کو زندگی بھر فراموش نہیں کر سکتا ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) کے راہنما حاجی امتیاز اظہر باگڑی نے لندن میں وزیرآباد سے تعلق رکھنے والے سماجی راہنما فیصل بادشاہ، تصدق چیمہ، اشفاق چیمہ کی جانب سے عشائیہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنا 78 واں یوم آزادی منا رہا ہے یہ ملک اللہ کریم کا ہم پر خاص فضل اور اسکی عنایت ہے زندہ قومیں اپنی آزادی کے ایام اور بزرگوں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرتیں پاکستان کا وجود نہ صرف ہم پاکستانیوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک تحفہ ہے بلکہ عالم اسلام کے لیے بھی ارض پاک کو قلعہ کی حیثیت حاصل ہے انہوں نے تقری

"قوت"، کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت لاہور
RNP 0012
DAILY QUWAT LAHORE

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات صاف اور بڑے مصنوعہ پر اپنی طرف لکھے جائیں پنسل کے چھپے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

1	تعزیت	

بدلنے کے مواقع دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شفاف نظام کو یقینی بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کیا جا رہا ہے۔ ووٹر لسٹوں کی فلاح و بہبود کے لیے متعدد پروگرام جاری ہیں، ان میں ووٹر ایجوکیشن پروگرام کے تحت ووٹر لسٹ کی تیاری کے عمل کو آسان بنانے کے لیے ووٹر ہیلپ لائن 8300 قائم کی گئی ہے۔ ووٹر ایجوکیشن پروگرام کے تحت ووٹر لسٹ کی تیاری کے عمل کو آسان بنانے کے لیے ووٹر ہیلپ لائن 8300 قائم کی گئی ہے۔ ووٹر ایجوکیشن پروگرام کے تحت ووٹر لسٹ کی تیاری کے عمل کو آسان بنانے کے لیے ووٹر ہیلپ لائن 8300 قائم کی گئی ہے۔

2	تعزیت	

ہوا کہ عمل صفائی کو گفتگو طرز عمل درکار کیں۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے ملازمین کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے متعدد اقدامات کیے گئے ہیں۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے ملازمین کی آسانی کیلئے ای اور پنشرل ایکس کی دستیاب ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے ملازمین کی ترقی کے لیے ان کی آخری تنخواہ میں 240 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے ملازمین کی ترقی کے لیے ان کی آخری تنخواہ میں 240 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے ملازمین کی ترقی کے لیے ان کی آخری تنخواہ میں 240 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔

3	تعزیت	

اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم یاد گار خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اجلاس امیر معزم کے لیے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ وفاقی وزیر برائے کامرس اور صنعت نے کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے ہر شعبے کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہر شعبے کے لیے بہتر پالیسی بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہر شعبے کے لیے بہتر پالیسی بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہر شعبے کے لیے بہتر پالیسی بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

4	تعزیت	

اضافہ کے ساتھ علی الترتیب 26 فیصد، 279 روپے فی بوری جبکہ 40 کلو کی 519 روپے فی بوری اور گوار کا بیج 43 روپے فی کلو، 240 روپے فی کلو اور گوار کا آٹا 69 روپے فی کلو، 77 روپے فی کلو فروخت ہوا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ ہفتے کپاس کی قیمت میں 512 روپے فی من کی کمی ہوئی جس کے بعد فی من طرئی خوراک میں 240 روپے کے مقابلے میں 43 ہزار 512 روپے رہ گئی

ہسپتالوں مارکیٹ میں ٹیٹنس اینٹی سیرم اور ٹی بی میڈیسن کا کافی سٹاک موجود ہے

خواجہ عمران نذیر

ٹی بی ادویات میرین-پی 6.35 ملین گولیاں، ایتھامبوٹول کی 5 لاکھ گولیاں، ٹیٹنس کی 62 لاکھ، 48 ہزار سے زائد خوراکیں موجود ہیں، خواجہ عمران نذیر

میڈیا میں ادویات کی کمی کی رپورٹس میں کوئی صداقت نہیں، صوبہ بھر میں تعینات ڈرگ کنٹرول ونگ کی ٹیمیں کسی بھی ممکنہ صورتحال کو نپٹنے کے لیے ہمہ وقت متحرک رہتی ہیں صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) حکومت پنجاب عوام کی صحت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے صوبے میں ادویات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے سرگرم ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی اور مارکیٹ میں ادویات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے اس ضمن میں تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے مارکیٹ میں ادویات کی کمی کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35



صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے مارکیٹ میں ادویات کی کمی کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

فرینڈز آف پاکستان سوسائٹی سویڈن کے زیر اہتمام سٹاک ہوم میں جشن آزادی کار ریلی کا انعقاد

جشن آزادی کار ریلی کو پاک فوج اور شہدا کی قربانیوں کو سلام اور مظلوم کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے سلوگن کیساتھ منایا گیا

گزشتہ پانچ سالوں سے جشن آزادی کے موقع پر ہونے والی اس کار ریلی میں سٹاک ہوم میں مقیم پاکستانی کمیونٹی نے بڑی تعداد میں شرکت کی

سٹاک ہوم (تخلیق صدیقی) سویڈن کے دارلحکومت سٹاک ہوم میں جشن آزادی کو موقع پر فرینڈز آف پاکستان سویڈن کے زیر اہتمام جشن آزادی پاک فوج کو سلام کار ریلی کا انعقاد کیا گیا گزشتہ پانچ سالوں سے جشن آزادی کے موقع پر ہونے والی اس کار ریلی میں سٹاک ہوم میں مقیم پاکستانی کمیونٹی نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس سال فرینڈز آف پاکستان سویڈن کے پلیٹ فارم سے ہونے والی جشن آزادی کار ریلی کو پاک فوج اور شہدا کی قربانیوں کو سلام اور مظلوم کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے سلوگن کیساتھ منایا گیا۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36



جشن آزادی پاک فوج کو سلام ریلی کے شرکا کا گروپ فوٹو

محکمہ خزانہ نے مختلف محکموں کے پروگراموں کیلئے بجٹ جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے مختلف محکموں کے پروگراموں کے لئے بجٹ جاری کر دیا، نیشنل ہیلتھ سپورٹ پروگرام کے لئے 1 کروڑ 16 لاکھ روپے کی گرانٹ، پنجاب سٹی پروگرام کے لئے بیس کروڑ روپے دیدیے گئے۔ محکمہ خزانہ نے پنجاب تعلیمی یونیورسٹی کو 7 کروڑ 50 لاکھ روپے جاری کر دیئے۔ داتا گنج بخش ٹاؤن، راوی ٹان اور سمن آباد ٹاؤن کے سب رجسٹرار آفس کے لئے 11 کروڑ 60 لاکھ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ پنجاب سٹی پروگرام کے لئے بیس کروڑ روپے اور لائسنس فیس کے لئے پی آئی ٹی بی بورڈ کو ایک کروڑ 30 لاکھ روپے جاری کئے گئے ہیں۔

9 مئی کیسز، بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت کی درخواست خارج

راولپنڈی (این این آئی) 9 مئی 2023 سے متعلق 12 مقدمات میں سابق وزیر اعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت کی درخواست خارج کر دی گئی۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی میں انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) راولپنڈی کے جج ملک اعجاز آصف نے 9 مئی سے متعلق کیسز کی سماعت کی۔ پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان سمیت سانحہ 9 مئی کے 500 سے زائد ملزمان کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کیا گیا۔

پاکستانی نوجوانوں نے دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، سردار ایاز صادق

نوجوان ملک کا قیمتی اثاثہ اور مستقبل کے معمار ہیں، ملکی تعمیر و ترقی کا دارومدار نوجوانوں پر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستانی نوجوانوں نے دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، ان کیلئے جدید علوم سے آراستہ ہونا اور جدید ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کرنا انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی اثاثہ اور مستقبل کے معمار ہیں، ملکی تعمیر و ترقی کا دارومدار نوجوانوں پر ہے۔

حکومت مصنوعی مہنگائی کنٹرول کرنے کیلئے اقدامات کرے، متحدہ علما کونسل

برسر اقتدار طبقے کی ذمہ داری ہے مصنوعی مہنگائی کو روکنے کے لئے موثر پالیسیاں متعارف کرائے

لاہور (این این آئی) تمام مکاتب فکر کے مشترکہ دینی فورم متحدہ علما کونسل پاکستان کے صدر مولانا زاہد الراشدی، مولانا عبدالمالک، مولانا عبدالرؤف ملک، مولانا ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، حافظ عبدالغفار روپڑی، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا سردار محمد خان لغاری، صاحبزادہ قمر الحق سیالوی، ڈاکٹر محمد سرفراز اعوان، ڈاکٹر حافظ عاطف وحید اور سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر حافظ محمد سلیم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت مصنوعی مہنگائی کنٹرول کرنے کیلئے اقدامات کرے، برسر اقتدار طبقے کی ذمہ داری ہے کہ مصنوعی مہنگائی کو روکنے کے لئے موثر پالیسیاں متعارف کرائے، عوامی مسائل کے حل کیلئے حکومت کو مصنوعی مہنگائی کے خاتمے کے لئے عملی اقدامات کرنے ہوں گے۔

پنجاب یونیورسٹی نیب ریفرنس میں بڑی پیشرفت سامنے آ گئی

نیب نے بدعنوانیوں کے خلاف ریفرنس بند کرنیکی درخواست دائر کر دی

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) لاہور نے پنجاب یونیورسٹی میں بدعنوانیوں کے خلاف ریفرنس بند کرنے کیلئے احتساب عدالت میں درخواست دائر کر دی۔ نیب نے بدعنوانیوں کیخلاف ریفرنس واپس لینے کی درخواست احتساب عدالت میں دائر کی۔ درخواست میں کہا گیا کہ ریفرنس کا جائزہ لیا، ملزمان کے خلاف شواہد موجود نہیں ہیں۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ عدالت نیب ریفرنس واپس لینے کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

جیل میں بدسلوکی کیخلاف بشریٰ بی بی کی درخواست سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو ارسال

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی جیل بدسلوکی کے خلاف درخواست سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو بھجوا دی۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے مقدمے کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران وکیل درخواستگزار نے کہا کہ بشریٰ بی بی کی درخواست پر رجسٹرار آفس نے اعتراضات عائد کیے، پہلا اعتراض تھا کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل پنجاب حکومت کے ماتحت ہے، دوسرا اعتراض ہے کہ اڈیالہ جیل حکام کے خلاف کارروائی کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر نہیں ہوسکتی۔

قومی بچت اسکیمز پر شرح منافع میں کمی، مختلف اسکیمز کے نئے ریٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) سینٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز (سی ڈی این ایس) کی جانب سے قومی بچت اسکیمز پر شرح منافع میں ڈیڑھ فیصد کمی کا اعلان کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قومی بچت مرکز نے تین مختلف اسکیمز پر نئی شرح کے ریٹس جاری کر دیئے، سیونگ اکاؤنٹس پر شرح منافع ڈیڑھ فیصد کم کر کے 19 فیصد مقرر کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ شارٹ ٹرم سیونگ سرٹیفکیٹ پر شرح 1.34 فیصد کم کر کے 17.90 فیصد کرنے کا اعلان کیا گیا۔

ایکشن ترمیمی ایکٹ کیخلاف لاہور ہائیکورٹ میں ایک اور درخواست دائر کر دی گئی

ایکٹ کے ذریعے سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے فیصلے کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی، موقف

لاہور (این این آئی) الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024ء کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں ایک اور درخواست دائر کر دی گئی۔ شہری منیر احمد نے ایڈووکیٹ اظہر صدیق کی وساطت سے درخواست دائر کی جس میں وفاقی حکومت، الیکشن کمیشن اور مختلف سیاسی جماعتوں کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار کا موقف ہے کہ ایکٹ کے ذریعے سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے فیصلے کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی ہے، الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کا اطلاق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38



لاہور، مسلم لیگ ق لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان و دیگر یوم آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں

مرکزی علما کونسل جشن آزادی پر اپنے تمام دفاتر پر قومی پرچم لہرے گی

یہ ملک ہمارے اکابر کی نشانی ہے اسکے ہر گوشے سے پوری قوم کو محبت ہے، مولانا زاہد محمود قاسمی

مرکزی علما کونسل اپنے دفاتر پر قومی پرچم لہرا کر آزادی کی خوشیوں میں عملی طور پر شریک ہوگی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علما کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ مرکزی علما کونسل جشن آزادی پر اپنے تمام دفاتر پر قومی پرچم لہرے گی، مرکزی علما کونسل اپنے دفاتر پر قومی پرچم لہرا کر آزادی کی خوشیوں میں عملی طور پر شریک ہوگی، یہ ملک ہمارے اکابر کی نشانی ہے اور اس کے ہر گوشے سے پوری قوم کو محبت ہے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

سنی علما کونسل ملک بھر میں جشن آزادی بھرپور طریقے سے منائیگی

ملک کی آزادی کے لیے ہمارے بزرگوں نے عظیم قربانیاں دی ہیں، مولانا حافظ حسین احمد

جشن آزادی کے موقع پر ملک بھر میں تقاریر اور تقریبات منعقد کرے گی

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ سنی علما کونسل ملک بھر میں جشن آزادی بھرپور طریقے سے منائیگی، سنی علما کونسل جشن آزادی کے موقع پر ملک بھر میں تقاریر اور دیگر تقریبات کا انعقاد کرے گی، اس ملک کی آزادی کے لیے ہمارے بزرگوں نے عظیم قربانیاں دی ہیں۔ اپنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

ملک آئینی، سیاسی اور معاشی بحران کا شکار ہے، جے یو آئی

آئینی، سیاسی اور معاشی بحران کی وجہ سے ملک کی صورتحال غیر مستحکم ہو چکی ہے، مشترکہ بیان

عوام جمعیت علمائے اسلام کی قیادت پر اعتماد کرے ان کا ساتھ دے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

لاہور کے مختلف علاقوں میں 2 خواتین کا لرزہ خیز قتل

ڈیفنس سی میں 29 سالہ امبرین کو قتل کرنے کے بعد لاش کو پنکھے کے ساتھ لٹکا دیا گیا

فیکٹری ایریا کے علاقے میں 35 سالہ نبیلہ کو تیز دھار آلے سے قتل کر دیا گیا، پولیس تفتیش شروع

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں 2 خواتین کو لرزہ خیز انداز میں قتل کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیفنس اور فیکٹری ایریا میں 2 خواتین کو قتل کرنے کے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔ ڈیفنس سی میں 29 سالہ امبرین کو قتل کر دیا گیا اور قتل کرنے کے بعد لاش کو پنکھے کے ساتھ لٹکا دیا گیا۔ دوسرے واقعے میں فیکٹری ایریا کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

جناح ہاس حملہ کیس، اعجاز چوہدری کی درخواست ضمانت پر فریقین کو نوٹسز جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جناح ہاؤس کے قریب پولیس کی گاڑیاں جلانے کے کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر اعجاز چوہدری کی درخواست ضمانت پر فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس سید شہباز علی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45



پشاور، پاکستان جوڈو فیڈریشن انتخابات کے موقع پر نومنتخب عہدیداروں کا گروپ فوٹو

حکومت کا گیس سیکٹر میں قیمتوں میں ایکولائیزیشن لیوی لگانے پر غور

مقصد سالانہ سبسڈی کی مد میں وفاقی بجٹ سے 10 سے 15 ارب روپے کے بوجھ کو کم کرنا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پروٹیکٹڈ رہائشی صارفین اور صنعتی شعبوں کو کراس سبسڈی دینے کے لیے ویل ہیڈ گیس پر قیمت ایکولائیزیشن لیوی، یا سرچارج عائد کرنے کے طریقہ کار پر غور کر رہی ہے جس کا مقصد سالانہ سبسڈی کی مد میں وفاقی بجٹ سے 10 سے 15 ارب روپے کے بوجھ کو کم کرنا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ اقدام انٹیگریٹڈ انرجی پلان کے تحت پیٹرولیم اصلاحات کا حصہ ہے، جسے وزیر اعظم آفس نے بین الاقوامی قرض دینے والی ایجنسیوں کے تعاون سے چلایا ہے، تاکہ ملک کی گیس کمپنیوں کو خود کفیل اور منافع بخش اداروں میں تبدیل کیا جا سکے، جو کہ ان کمپنیوں کی نجکاری کی راہ ہموار کر سکے گی۔ یہ اقدام اس وقت سامنے آیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

رکن اسمبلی حاجی امتیاز احمد کی بازیابی کیلئے درخواست سرکاری وکیل کے بیان کی روشنی میں نمٹا دی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے این اے 85 سے پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی حاجی امتیاز احمد کی بازیابی کے لیے دائر درخواست سرکاری وکیل کے بیان کی روشنی میں نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس جسٹس طارق سلیم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47



پشاور، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے ریڈ یو پاکستان پشاور سنٹر کا وفد ملاقات کر رہا ہے

نوجوان قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں انکی فلاح ہماری اولین ترجیح ہے، ابراہیم مراد

مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جدید تعلیمی اصلاحات وقت کی اہم ضرورت ہیں

ملکی ترقی میں نوجوان انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں، سابق صوبائی وزیر اور صدر یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی)

لاہور (خبر نگار) سابق صوبائی وزیر اور یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے صدر ابراہیم حسن مراد نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملکی ترقی میں نوجوان انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں کو نصیحت کی کہ وہ ملکی ترقی و خوشحالی میں فعال کردار ادا کریں۔ ابراہیم مراد نے نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور کردار سازی کے لیے عملی اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ انکا کہنا تھا کہ مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جدید تعلیمی اصلاحات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ صدر یو ایم ٹی نے تعلیم اور مہارت کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

بلدیاتی انتخابات کیلئے قانون سازی کا عمل جاری ہے

وزیر بلدیات

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے اقتدار سنبھالتے ہی اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی جس نے سفارشات مکمل کر لیں

سابق حکومت کے بنائے مقامی حکومتوں کے قانون میں ابہام ہے، ذیشان رفیق کا گول میز کانفرنس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کرانے کے لئے قانون سازی کا عمل جاری ہے، سابق حکومت کے بنائے قانون میں ابہام ہے۔ وہ مقامی جمہوری حکومتوں کے موضوع پر گول میز کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ سول سوسائٹی کے نمائندوں، سینئر صحافیوں اور دیگر نے بھی کانفرنس میں شرکت کی۔ گول میز کانفرنس کے شرکا نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے جلد انعقاد کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ بلدیاتی ایکٹ 2019 میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59



لاہور، وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن مینوفیکچررز میں سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

حماس نے قاہرہ مذاکرات میں وفد نہ بھیجنے کا اعلان کر دیا

اسرائیل پر 2 جولائی کو طے پانے والے معاہدے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، مطالبہ پیش کر دیا

متبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس کی جانب سے قاہرہ مذاکرات میں شرکت کیلئے وفد نہ بھیجنے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ خبر ایجنسی حماس کا کہنا ہے کہ 2 جولائی کو طے پانے والے معاہدے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، اسرائیل پر زور ڈالیں۔ حماس کا کہنا تھا کہ مصالحت کار ہمیں جو بائیڈن کے جنگ بندی وژن اور اقوام متحدہ کی سکیورٹی کونسل کی قرارداد کی روشنی میں 2 جولائی کو ہونے والے مذاکرات کے دوران طے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

نوجوانوں کو بنا سفارش اور رشوت کے نوکری نہیں ملتی، ایاز میمن موتی والا

کراچی (این این آئی) آل کراچی تاجر الائنس وعام آدمی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین ایاز میمن موتی والا نے کہا ہے کہ ملک کے مستقبل کا انحصار نوجوان نسل پر ہے، نوجوانوں کو معاشرے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہوتی ہے ہمیں نوجوان نسل کی تعلیم و تربیت سے متعلق کوتاہیوں کا ازالہ کرنا ہوگا حکومت ملازمت کے زیادہ مواقع پیدا کرنے کے لیے ملکی سطح پر صنعتوں کا جال بچھائے نوجوان ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں ہ

وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس (آج) طلب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) منگل کو طلب کر لیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) منگل کو ہوگا جس میں ملک کی مجموعی معاشی اور سیاسی صورتحال پر غور کیا جائے گا۔

لاہور، یوم آزادی کی مناسبت سے واپڈا ہاؤس پر جہازی سائز کا قومی پرچم آویزاں ہے

سول ایوی ایشن کے منصوبوں میں کرپشن، غیر قانونی بھرتیوں کیخلاف تحقیقات کا فیصلہ

شعبہ فلائٹ سٹینڈرڈ، ایس کیو ایم ایس، ایرومیڈیکل ڈائریکٹرز کی بھرتیوں میں میرٹ کو نظر انداز کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت ہوابازی نے سول ایوی ایشن کے بڑے منصوبوں میں مبینہ کرپشن میں ملوث افسران کے خلاف تحقیقات کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق سی اے اے میں براہ راست بھرتیوں کی بھی تحقیقات کا فیصلہ کیا گیا ہے، سی اے اے کے شعبہ فلائٹ سٹینڈرڈ، ایس کیو ایم ایس، ایرومیڈیکل ڈائریکٹرز اور ایڈیشنل ڈائریکٹرز کی بھرتیوں میں میرٹ کو نظر انداز کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

ملک بھر میں مون سون کا دھواں دھار سپیل، جل تھل ایک، نشیبی علاقوں میں پانی جمع

مری میں داخل ہونے کے لیے ڈرائیونگ لائسنس، پبلک سروس گاڑیوں کا فٹنس سرٹیفکیٹ ہونا لازمی قرار

لاہور/اسلام آباد، مری (این این آئی) لاہور سمیت ملک بھر میں مون سون بارشوں کے دھواں دھار سپیل سے جل تھل ایک ہو گیا۔ مری میں داخل ہونے کے لیے ڈرائیونگ لائسنس، پبلک سروس گاڑیوں کا فٹنس سرٹیفکیٹ ہونا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ لاہور میں موسلا دھار بارش نے رنگ جما دیا، شدید بارش کے باعث نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہو گیا جس کی وجہ سے شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دوسری جانب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

جشن آزادی پاک فوج کو سلام ریلی کے شرکا کا گروپ فوٹو

مقابلہ حسن میں بیٹی کی چوتھی پوزیشن، والد نے ججوں پر فائرنگ کر دی

پولیس نے فوراً جوابا والد پر فائر کیے جس سے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ اسپتال میں انتقال کر گئے

الثامیرا (این این آئی) برازیل میں ایک مقابلہ حسن کی تقریب میں حصہ لینے والی لڑکی کے والد نے اس وقت ججوں پر گولیاں برسا دیں جب بیٹی کو ججوں نے چوتھی پوزیشن سے نوازا۔ برازیل میں منعقد ہونے والا ایک مقامی مقابلہ حسن اس وقت سامنے پر منچ ہوا جب ایک امیدوار لڑکی کے والد نے ججوں پر گولی چلانا شروع کر دی کیونکہ اس کی بیٹی نے چوتھا مقام حاصل کیا تھا۔ یہ واقعہ الثامیرا شہر میں مقابلہ حسن تقریب کے اختتام پر پیش آیا۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58



چیئرمین واپڈا سجاد غنی مہمند ڈیم منصوبے کے دورہ کے موقع پر تعمیراتی کام پر پیشرفت کا جائزہ لے رہے ہیں

وطن عزیز کی قسمت سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے، سلیم خاں قادری

کراچی (این این آئی) اہلسنّت حنفی بریلوی مساجد کی انتظامی کمیٹیوں کے اکابرین اور میلاد شریف کا اہتمام کرنے والی نمائندہ تنظیمات وشخصیات پر مشتمل مرکزی میلاد الائنس پاکستان کے بانی وچیف آرگنائزر، مرکزی انجمن سیرت النبی ﷺ گلبہار کے تاحیات چیئرمین اور ممتاز قومی وسماجی رہنما محمد سلیم خاں قادری ترابی نے کہا ہے کہ آنے والا وقت پاکستان بنانے والوں کی اولادوں کا ہے، ہم نے بہت صبر کر لیا ہ

کورنگی کے علاقے میں پاک فوج زندہ باد پاکستان پائندہ باد ریلی کا انعقاد

کراچی (این این آئی) جشن آزادی کے موقع پر کورنگی ڈھائی کے علاقے یو سی 8 سے پاک فوج زندہ باد پاکستان پائندہ باد ریلی سماجی رہنما کامران راجپوت اور یو سی 8 کے چیئرمین احمد رضا کی قیادت میں فشر مین چورنگی سے چکرا گوٹھ تک نکالی گئی اس عظیم الشان ریلی میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی جبکہ ٹاؤن چیئرمین نعیم شیخ نے بھی شرکت کی اس موقع پر کامران راجپوت نے میڈیا سے بات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

اسرائیلی ظلم اور سفاکیت کی صرف مذمت کافی نہیں، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنّت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری، کراچی کے صدر علامہ فیصل عزیز بندگی، جنرل سیکریٹری سید محمد شفیع قادری رضوی و دیگر نے کہا ہے کہ اسرائیلی سفاکیت کی صرف مذمت کافی نہیں، عالمی برادری اس کا فوری نوٹس لے اور مسلم حکمران اس پر دوٹوک مؤقف دیں۔ گزشتہ دس ماہ سے غزہ پر مسلسل حملے جاری ہیں، لیکن افسوس سعودی عرب، پاکستان، ایران، ترکیہ، مصر، اردن اور یورپی یونین کی جانب سے صرف مذمت کی جا رہی ہے۔

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نوجوانوں کی امیدوں کا مرکز ہیں، محبوب عباسی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما محبوب عباسی نے نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر ملک بھر کے نوجوانوں کی ملک و قوم کے لیئے خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی نوجوان نہایت محنتی، قابل اور باصلاحیت ہیں جو اپنی محنت اور جدوجہد سے پوری دنیا میں ملک کا نام روشن کر رہے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نوجوانوں کی امیدوں کا مرکز اور ان کا رول ماڈل ہیں۔

یوم آزادی پر واہگہ بارڈر پریڈ اور پرچم اتارنے کی تقریب میں شہریوں کے داخلے پر پابندی

اپ گریڈیشن منصوبے کی وجہ سے صرف محدود تعداد میں مہمان ہی تقریب میں شریک ہو سکیں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) یوم آزادی پر واہگہ بارڈر پریڈ اور پرچم اتارنے کی تقریب میں شہریوں کے داخلے پر پابندی عائد کر دی گئی، اپ گریڈیشن منصوبے کی وجہ سے صرف محدود تعداد میں مہمان ہی تقریب میں شریک ہو سکیں گے۔ فروری 2024ء م باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

لاہور، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب وقاص نذیر بجلی چوری کی روک تھام اور ملزمان کے خلاف سخت کریک ڈاؤن بارے فالواپ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مغرب کا ذہرا معیار اسرائیل کی ظالمانہ کارروائیوں کو بڑھا رہا ہے، مسعود پزشکیان

صیہونی حکومت کی دہشتگردی میں اضافہ ہو رہا ہے، یورپی کونسل کے صدر چارلس مائیکل سے ٹیلیفون پر گفتگو

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ مغرب کا ذہرا معیار اسرائیل کی ظالمانہ کارروائیوں کو بڑھا رہا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے یورپی کونسل کے صدر چارلس مائیکل سے ٹیلیفون پر گفتگو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

بنگلادیش: چیف ایڈوائزر محمد یونس ٹریفک جام میں پھنس گئے، ویڈیو وائرل

جیسے ہی عام لوگوں نے گاڑی کو قریب سے دیکھنے کی کوشش کی سیکیورٹی افسر نے لاؤڈ اسپیکر پر قریب نہ جانے کی ہدایت بھی کی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش میں عبوری حکومت کے سربراہ اور چیف ایڈوائزر محمد یونس کا کارواں ٹریفک جام میں پھنس گیا، جس کی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے۔ ڈھاکا میں چیف ایڈوائزر کا قافلہ ٹریفک جام میں پھنس گیا، جسے بنگلادیشی میڈیا کی جانب سے وی وی آئی پی موومنٹ پروٹوکول سے انحراف قرار دیا جا رہا ہے۔ بنگلادیشی میڈیا کے مطابق چیف ایڈوائزر کی گاڑی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک سڑک پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

حزب اللہ کا اسرائیل پر بڑا حملہ، درجنوں راکٹ فائر، جانی نقصان نہیں ہوا

حزب اللہ کے راکٹوں کو روکنے کے لیے اسرائیلی دفاعی نظام نے کوئی میزائل فائر نہیں کیا

بیروت (آن لائن) حزب اللہ نے شمالی اسرائیل پر بڑا حملہ کیا ہے جس کے دوران درجنوں راکٹ فائر کیے گئے ہیں۔ لبنانی میڈیا کے مطابق حزب اللہ کے راکٹوں کو روکنے کے لیے اسرائیلی دفاعی نظام نے کوئی میزائل فائر نہیں کیا۔ عرب میڈیا کی جانب سے بھی حزب اللہ کے شمالی اسرائیل پر راکٹ حملے کی تصدیق کی گئی ہے۔ دوسری جانب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

سکھر، ڈاکوؤں کے دو گروپوں میں مسلح تصادم، 7 ڈاکو ہلاک

ہلاک ڈاکو قتل، ڈکیتیوں اور پولیس مقابلوں کے مقدمات میں مطلوب تھے، پولیس

سکھر (این این آئی) سکھر کے باگڑجی کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کے دو گروپوں میں زمین کے تنازع پر مسلح تصادم میں 7 ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق علاقہ کئی گھنٹوں تک میدان جنگ بنا رہا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ہلاک ڈاکو قتل، ڈکیتیوں اور پولیس مقابلوں کے مقدمات میں مطلوب تھے۔

کراچی، چیئرمین گلشن اقبال ٹاؤن کی زیر نگرانی شجرکاری مہم جاری

شجرکاری مہم کے ساتھ ساتھ عوام میں آگاہی پروگرام بھی یقینی بنا رہے ہیں، ڈاکٹر فواد

کراچی (این این آئی) چیئرمین گلشن اقبال ٹاؤن ڈاکٹر فوا